تن مین جبتک ہے جان تکلف ہے	ہم ہین اسمین ابھی حجاب ہے بیان
گو نہین ہین کسو شمار مین یان	عاقبت ایک دن حساب ہے بیان
گو دماغ و جگر کہان وہ قلب	یان عجب ایک انقلاب ہے بیان
زلف بل کھارہی ہے گو اوسکی	دل کو اپنی تو پیچ و تاب ہے بیان
لطف و مہر و وفا وہ کیا جانے	ناز ہے خشم ہے عتاب ہے بیان
لو ہوا اپنا یون ہون جیکا ہون	کسکو اس بن سر شراب ہے بیان
چشم وایان کی چشم بسمل ہے	جاگنا یہ نہین ہے خواب ہے بیان
منھ سے کچھ بولتا نہین قاصد	شاید اودھر سے اب جواب ہے بیان
دل ہے اپنا نہین فقط بے چین	جی کو بھی روز اضطراب ہے بیان

چاہیے وہ کہے سو کہہ رکھین
ہر سخن **میر** کا کتاب ہے بیان

خوش نوا مرغ گلستان رند باغانی ہے بیان
کیا کہون منھ تک جگر آتا ہے جب کہتا ہے دل
جان میری تن مین کیسی کیسی گھبرائی ہے بیان
اسکی ابرو ہے کشندہ تیغ ہی رہتی ہین سدا
بچی بھی اس تیغ کی تو جوہر دانی ہے بیان

قطعہ (۳۰۰) شعر

گرفتہ دل ہون سر ارتباط مجکو نہین	کسو سے شہر مین کچھ اختلاط مجکو نہین
جہان ہو تیغ بکف کوئی سادہ جا لگتا	اب اپنی جان کا کچھ احتیاط مجکو نہین
کریگا کون قیامت کو ربیمان بازی	دل و دماغ گذار صراط مجکو نہین
جسے ہو مرگ سا پیش استخالہ کیونکر ہے	اس اپنے جینے سے کچھ انبساط مجکو نہین

[illegible]

سخن دمن پایا نہیں جمع کس حسن لطافت سے
تفاوت ہے مرے مجموعہ و عقد ثریا مین

کوا دیکھا نہ کوئی غار مینے شوق کے مارے
بعینہ راہ اندھا سا چلا اسکی تمنا مین

بہت تھا شور وحشت سیر مین میر سوچ میرے
لکھی تصویر تو زنجیر پہلے کھینچ لی پا مین

جدائی کے تعب کھینچے نہیں ہین میر راضی ہون
جلا دین آگ مین یا مجکو پھینکین قعر دریا مین

شہرون ملکو نہین جو یہ میر کہاتا ہے میان
دیدنی ہے یہ بہت کم نظر آتا ہے میان

عالم آئینہ ہے جسکا وہ مصور بے مثیل
ہاے کیا پردہ مین تصویر بناتا ہے میان

قسمت اس بزم مین لائی کہ جہان کا ساقی
دے ہے مے سب کو ہمین زہر پلاتا ہے میان

ہوکے عاشق تمے جان و دل و دین کھو بیٹھے
جیسا کرتا ہے کوئی ویسا ہی پاتا ہے میان

حسن اک چیز ہے ہو وین کہ تو ہو ناصح
ایسی شے سے کوئی بھی ہاتھ اٹھاتا ہے میان

جگر اس حادثے کا کوہ گران سنگ کو بھی
جون پر کاہ اڑائے لیے جاتا ہے میان

کیا پری خون ہے جو راتون کو جگا دے ہے میر
شام سے دل و جگر و جان جلاتا ہے میان

جاے ہے جی نجات کے غم مین
ایسی جنت گئی جہنم مین

نزع مین میر ہی ایک دم ٹھہرو
دم ابھی ہین یہ زار اک دم مین

اس بحر حسن پاس نہ خنجر تھا کل نہ تیغ
ہین جان ہی ہی حسرت بوس و کنار مین

جلتا ہے ٹک تو دیکھ کے چل پانو سے نفس
آنکھین ہی بجھ گئی ہین ترے انتظار مین

کس کس ادا سے ریختے مینے کہے و لے
سمجھا نہ کوئی میری زبان اس دیار مین

تڑپے ہے متصل وہ کہان ایسے روز و شب
ہے فرق میر برق و دل بیقرار مین

کیسی وفا و الفت کھاتے عبث ہو قسمین
مدت ہوئی اٹھادین ہمنے یہ ساری رسمین

ساون تو اگلی ایسا برسا نہین جو کہیے
روتا رہا ہون مین ہی دن رات اس برسمین

گھبرا کے یون لگی ہے سینہ مین دل تڑپنے
جیسے اسیر تازہ بیتاب ہو قفس مین

جانکاہ ایسے نالہ لوہے سے تو نہووین
بیتاب دل کسو کا رکھتا ہے کیا جرس مین

اب لاغری سے دیکھین ساری رگین دکھائی
پر عشق بھر رہا ہے ایک ایک میری نس مین

اے ابر ہم بھی برسون روتے پھرا کیے ہین
دریا تبدے پڑے ہین ہر وادی کے خار و خس مین

کیا میر بس کرے ہے اب زاری آہ شب کی
دل آگیا ہے اسکا ظالم کسو کے بس مین

روتے ہین نالہ کش مین یاران دن جلے ہین
ہجرانمین اوسکی ہم کو بہتیرے مشغلے ہین

جن دود عمر گذری سب پیچ و تاب ہی مین
آتنا ستانہ ظالم ہم بھی جلے بلے ہین

کفن کیا عشق مین پہنے ہے سپنا
کچھے لوہو مین بہتیرونکے جاے

پیام اُس گل کو اوسکے ہاتھ دینے
سبک پائی نہ ہوتی گر صبا مین

جیو خوش یا کوئی ناخوش ہمین کیا
ہم اپنے محو ہین ذوق فنا مین

ہمین فرہاد و مجنون جس سے چاہو
تم آکر پوچھ لو شہر وفا مین

سراپا ہے ادا و ناز ہے یار
قیامت آتی ہے اوسکی ادا مین

بلا زلف سیاہ اسکی ہے پر پیچ
وطن دل نے کیا ہے کس بلا مین

ضعیف و زار تنگی سے ہین ہر چند
ولیکن میر اوڑتے ہین ہوا مین

نچین جیبہ عاشق اگر دست پائین
خدا بندے ان کو جو سر کھجائین

جھکنے لگا خون تو جائے سرشک
ابھی دیکھین آنکھین ہمین کیا دکھائین

ہمین کسکو سالُسی کہ اب ضعف سے
مراجی ہی کرنے لگا سائین سائین

خدا ساز تھا آزر بت تراش
ہم اپنے تئین آدمی تو بنائین

چلا یار کی اور جاتا ہے جی
جو ہو اختیاری تو ادھر نجائین

جگر سوز ہین اُسکے لعل خموش
طلب کریے بوسہ تو باتین بنائین

ہمین بے نیازی نے جھٹلا دیا
کہان اتنی طاقت کہ منت اٹھائین

جب نام دل کا کوئی لے بیٹھتا ہے ناگہ — منھ دیکھ ہمدگر کا ماتم کیا کرین ہین

مستونکی بات کیا ہے جو کوئی اسپہ جاوے — ہم گفتگو نشے مین در ہم کیا کرین ہین

حکم فسانہ سازی پیدا کرین ہین شب کو — افسون ہم اوسکے اوپر جو دم کیا کرین ہین

کچھ حال میر جی کے آتے نہین سمجھ مین — ہم بھی سلوک اونسے اب ہم کیا کرین ہین

ردیف واو

قتل کیے پر غصہ کیا ہے لاش مری اٹھوانے دو — جانسے بھی ہم جاتے رہے ہین تم بھی آؤ جانے دو

جان سلامت لیکر جاوے کعبہ تو سلام کرین — ایک جراحت ان ہاتھونکا صید حرم کو کھانے دو

اسکی گلی کی خاک سبھونکے داہن دل کو کھینچے ہے — ایک گرجی لے بھی گیا تو آتے ہین مرجانے دو

کرتے ہو تم نیچی نظرین یہ بھی کوئی مروت ہے — برسونسے پھرتے ہین جدا ہم آنکھ سے آنکھ ملانے دو

کیا کیا اپنے لوہو پینگے دم مین ہمدم ہین جتنے — دل جو بغل مین رہ نہین اسکو کسو سے لگانے دو

ابکی بہت ہے شور بہاران ہم کو مت زنجیر کرو — دلکی ہوس کچھ ہم بھی نکالین دھومین ہمکو مچانے دو

عرصہ کتنا سارے جہان کا وحشت پر جو آجاوین — پانو تو ہم پھیلاوینگے پر فرصت ہمکو پانے دو

کیا جاتا ہے ہمین بیمار اچھے ہم تو بیٹھے ہین — دل جو سمجھنا تھا سو سمجھا ناصح کو سمجھانے دو

ضعف بہت ہے میر تمھین کچھ اسکی گلی مین مت جاؤ — صبر کرو کچھ اور بھی صاحب طاقت جیمین آنے دو

تم بن چمن کے گل نہین چڑھتے نظر کبھو — یہ کیا روش ہے آؤ چلے ٹک ادھر کبھو

دریا سی آنکھین بہتی رہی تھین سو کیا ن — ہوتی ہے کوئی گوے پلک اب تر کبھو

جی جانتے ہے جو اپنے پہ ہوتی ہے مار مار — جاتے ہین اُس گلی مین کہان ہم مگر کبھو

آنکھین سفید ہو چلی ہین راہ دیکھتے — یارب بھولکا ہو گا ادھر بھی گذر کبھو

مدت ہوئی ہے نامہ کبوتر کو لے گئے — آجاتی ہے کچھ اڑتے سے ہم تک خبر کبھو

ہم جستجو مین اُنکی گیے دست و پا بھی گم — افسوس ہے کہ آئے نہ وہ راہ پر کبھو

غم کو تمھارے دلکی نہایت نہین ہے میر
اس قصے کو کروگے بھی تم مختصر کبھو

یہ سرا سونے کی جاگہ نہین بیدار رہو — ہمنے کردی ہے خبر تم کو خبردار رہو

آپ تو ایسے بنے اب کہ جلے جی سب کا — ہمکو کہتے ہین کہ تم جی کے تئین مار رہو

لاگ اگر دلکو نہین لطف نہین جینے کا — الجھے سلجھے کسو کاکل کے گرفتار رہو

گرچہ وہ گوہر تر ہاتھ نہین لگتا لیک — دم مین دم جب تئین ہے اسکے طلبگار رہو

سارے بازار جہان کا ہے یہی مول اے میر
جان کو بیچ کے بھی دل کے خریدار رہو

کرنا شعار خوب ہے عجز و نیاز کو — بے وقر جانتے ہین دل بے گداز کو

کھینچا رنج و تعب کا دوستان عادت کرو
تب کسی نا آشنائی مہر سے الفت کرو

روٹھتا نہین وہ شوخ یون کیونکر کوئی
عذر چاہو دیر تک مدت تلک منت کرو

کبتک اے صورتگران حیران پھرتے رہیے یا
نقش اسکا کھینچ رکھنے کی کوئی صورت کرو

انس اگر ان نوخطان شہر سے منظور ہے
اپنی پرچھائین سے بھی جون خاتمہ تم وحشت کرو

کچھ نہ پوچھو صحبت دیروزہ کی کم فرصتی
جون ہی جا بیٹھے لگا کہنے انھین رخصت کرو

عشق مین دخل ہے نازک مزاجی کے تئین
کوہکن کے طور سے جی توڑ کر محنت کرو

پہلے دیوانے ہوئے پھر میر آخر ہو گئے
ہم نہ کہتے تھے کہ صاحب عاشقی تم مت کرو

ہر فردوس ہو آدم کو الم کاہے کو
وقف اولاد ہے وہ باغ تو غم کاہے کو

کہتے ہین آویگا ادھر وہ قیامت رفتار
چلتے پھرتے رہینگے تب تئین ہم کاہے کو

یہ بھی اک ڈھب ہے کہ نہ ایذا کسو کو راحت
رحم موقوف کیا ہے تو ستم کاہے کو

نرگس ان آنکھونکو جو لکھ گئے نابینا تھے
اپنے نزدیک ہین وے دوست قلم کاہے کو

اسکی تلوار سے گر جان کو رکھتے نہ عزیز
مرتے اس خوار ہیسے تو صید حرم کاہے کو

چشم پوشی کا مزہ جان تجھین لپکا ہے
کھاتے ہو دیدہ درآئی سے قسم کاہے کو

میری آنکھونپہ رکھو پانون تو آؤ لیکن
رکھتے ہو ایسی جگہ تم تو قدم کاہے کو

بارے دنیا مین رہو غمزدہ یا شاد رہو
ایسا کچھ کر کے چلو یان کہ بہت یاد رہو

عشق پیچے کی طرح حسن گرفتاری ہے
لطف کیا سرو کے مانند گر آزاد رہو

ہمکو دیوانگی شہرون ہی مین خوش آتی ہے
دشت مین قیس رہو کوہ مین فرہاد رہو

وہ گران خواب جو ہے ناز کا اپنے سو ہے
داد بیداد رہو شب کو کہ فریاد رہو

اس خرابی مین میری جان تم آباد رہو

کیا آنکھ بند کرکے مراقب ہوئے ہو تم
موقوف ہرزہ گردی تئین کچھ قلندرے

ہر چند اس متاع کی اب قدر کچھ نہین
تدبیر کو مزاج محبت مین دخل کیا

طفلی سے تمنے لطف و غضب مختلط کیے

جانے ہین کیسے ہمین چشم وا کرو
زنجیر سر او تار کے زنجیر پا کرو

پر جیسی کسو کے ساتھ رہو تم وفا کرو
جان کا اس مرض کی نہ کوئی دوا کرو

ٹک میر کو جدا کرو غصہ جدا کرو

بیٹھے ہو میر ہوکے در کعبہ پر فقیر
اس روسیہ کے باہمین بھی کچھ دعا کرو

سر پہ عاشق کے نہ بہ روز سیہ لایا کرو
تاب مہ کی تاب کب ہو ناز کی ہے یار کو

گرچہ شان کفر ارفع ہے و لے اے راہبان
شوق سے دیدار کے بھی آنکھوں مین کھینچ آیا ہے جی

کو ہکن کی ہے قدم گاہ آخر اے اہل وفاق
فرق یار و غیر مین بھی اے بتان کچھ چاہیے

جی الجھتا ہے بہت مت بال سلجھایا کرو
چاندنی مین آفتابی کا مگر سایا کرو

ایک وہم سون کو بھی زنار بندھوایا کرو
اس سہی مین دیکھنے ہمکو بہت آیا کرو

طوف کرنے بے ستون کا بھی کبھی جایا کرو
اپنی ہٹ دھرمی بھی کیا انصاف فرمایا کرو

کب میسر اسکے منھ کا دیکھنا آتا ہے میر
پھول گل سے اپنے دلکو تم بھی بہلایا کرو

رہتا ہے پیش دیدۂ تر آہ کا سبھاؤ
جیسے مصاحب ابر کی ہوتی ہر کوئی باؤ

برسیگی برف عرصۂ محشر مین دشت دشت
گر میری سرد آہون کا وان ہو گیا جماؤ

حاصل کوئی امید ہوئی ہو تو مین کہون
خون ہی ہو آ گئے ہین مرے دلمین سارے چاؤ

آنکھون کے آگے رونیسے میرے محیط ہے
ابر و سے جا کہے کوئی پانی پیو تو آؤ

جتنے بہے اشک خونین مین ڈوبی سب آستین
اس چشم بحر خون کے کبھی دیکھے ہین چڑھاؤ

اظہار درد اگرچہ بہت بے نمک ہے پر
ٹک بیٹھو تو دکھاوین بخیین چھاتیون کے گھاؤ

عاشقون کی آنکھون مین ٹک آبدل فریب
ان منظرون سے بھی ہے بہت دور تک دکھاؤ

صحبت جو اسے رہتی ہر کیا نقل کرو ہا
جب آ گئے ہین ہم تو کہا آ گئے یا نسے جاؤ

صد چاک اپنے دل سے تو بگڑا ہی کی وہ زلف
افسون کیا ہے شانے نے جو اس سے ہے بناؤ

اس ہی زمین مین میر غزل اور ایک کہہ
گو خوش آوے سامعون کو بات کا بڑھاؤ

سب کھا گئے جگر ترے پلکون کی گاؤ گاؤ
ہم سینہ خستہ لوگون سے بس آنکھ مت لگاؤ

آنکھون کا جھڑ برسنے سے ہنچتا کی کم نہین
ہل مدتے ہی پیش نظر ہا نخی کا دباؤ

کشتی چشم ڈوبی ہے ہی بحر اشک مین
آئی نہ پار ہوئی نظر عاشقون کی ناؤ

سینے کے اپنے زخم سے خاطر ہو جمع کیا
دل ہی اور پانی ہین سب لوہو کا بہاؤ

٣٠٩

ہمکو تو مار عشق نے آخر یہ وصیت یا د رہے	دیر جبا نہین تم جو ہو تو کسی سے الفت کرتے
پیر لطف کی بار دن اُس سے بات کوئی کتے ہو کہو	مانتما لے وہ جانے پھر تم بھی منت رت کریو
کیسے سو گیا اب جپکے دیکھیو گو مین اُسمین مر جاؤن	ہمکو قسم ہے حرف و سخن کی مجھسے مروت کریو

ہوش نہین اپنا تو ہمین ٹک میر آئے ہین پرسش کو
جا نیسے آگے اونکو ہمارے پیارے رخصت مت کریو

ردیف ہای ہوز

مین کیا کہون جگر مین لہو میرے کم ہے کچھ	کچھ تو الم ہے دلکی جگہ اور غم ہے کچھ
پوشیدہ تو نہین ہے کہ ہم نا توان نہین	کیٹر و نہین یون ہی تمکو ہمارا بھرم ہے کچھ
کیا اپنے دل دھڑکنے سے ہو نہین ہی دم بخود	جو دیکھتا ہے میرے تئین سو وہم ہے کچھ
جب سے کھلی ہے نرگس مست اسکی ظلم ہے	کیا آجکل سے یار کو میل ستم ہے کچھ

بلبل مین گل مین کیا خفگی آگئی ہے میر
آمد شد نسیم سحر د مبدم ہے کچھ

کہتے تو ہین کہ ہمکو اوسکی طلب نہین کچھ	ہر جی اسیکو اپنا ڈھونڈے ہے ڈھب نہین کچھ
اخلاص و ربط اس سے ہوتا تو شور اٹھاتے	لب تشنہ اپنے تب مین دلبر سے جب نہین کچھ
یان اعتبار کریے جو کچھ وہی ہے ظاہر	لے کائنات اپنی آنکھو نمین سب نہین کچھ

خون مسلم کو تو واجب یہ بتان جانے ہین | ہو جی کافر کہ مان یان نہین ایمان کے ساتھ

آدمیت سے تمھین میر ہو کیونکر بہرہ
تمنے صحبت نہین رکھی کسو انسان کے ساتھ

جانے دو تمے اسقدر انب لف و خط و خال دیکھ
کیا مری طرح دل پریشانی کی حیرت ہمنفس
دامن صحرا مین کیا وسعت ہے جو دلمین نہین
چشم و دل کا اس سے لگ جاتا تو تھا جس تس طرح
گرچہ اوس مہ کی جدائی مین مجھے برسون ہوے
کب نظر میری پڑیگی اوسکے روے خوب پر

حال کچھ بھی تجھ مین ہے ای بیر اپنا حال دیکھ
انکھین تو دی ہین خدا نے اوسکے لپٹے بال دیکھ
موند کر آنکھین گریبان مین بھی ٹک سر ڈال دیکھ
جی بھی ان باتو مین الجھا اور یہ جنجال دیکھ
لیکن اے اختر شناس اب کا بھی کیسا حال دیکھ
ہمنشین ٹک تو بھی مصحف کھولکر تو فال دیکھ

ٹھوکرین دلکو لگی ہین جب چلے ہے راہ تو
یہ خرام ناز ہے ظالم ٹک اپنی چال دیکھ

آنکھین جو ہون تو عین ہے مقصود ہر جگہ
واقف ہو شان بندگی سے قید قبلہ کیا
مو تن پہ ہم نہ سوختہ جانونکی ہے نمود
ہین دلی لکھنؤ کے خوش اندام خوب لیک

بالذات ہی جہا نہین وہ موجود ہر جگہ
سر ہر جگہ جھکا کہ ہے مسجود ہر جگہ
ہے سوزش درون سے برون دود ہر جگہ
راہِ وفا و مہر ہے مسدود ہر جگہ

ردیف یائے

اس جور سے تبھو نکا ملنا گیا سو چپ ہون
جاتا نہین کہا کچھ جون گنگ آب دیدہ

راز محبت ابنا رسوا نہ اس قدر ہو
گر ہو نہ اشک افشان خانہ خراب دیدہ

جب دیکھو لگ رہا ہے درکیطرف اسی کے
ہو جیسے کیسے ویسی ذلت کا آب دیدہ

دوزخ مین میر ہو نہین یا رہبشت رو دین
جان ہے ستم رسیدہ دل ہے عذاب دیدہ

ادھر مت کر نگاہ تیسند جا بیٹھ
یہ تیر دے ترکش یون چلا بیٹھ

اثر ہوتا تو کب کا ہو بھی چکتا
دعاے صبح سے اب ہاتھ اٹھا بیٹھ

پھرے گا ہم سے کب تک دور ظالم
کبھو تو گھر سے اٹھ کر پاس آ بیٹھ

نہ کر دیوار کا مجلس مین تکیہ
ہمارے مونڈھے سے مونڈھا لگا بیٹھ

بہت پھرتے ہین ٹیڑھے ٹیڑھے دشمن
انھین دو سیدھیان تو بھی سنا بیٹھ

تلاش اپنی نہ کم تھی جو وہ ملتا
بہت ہین دیکھکر آخر رہا بیٹھ

مخالف سے نہ مل بیٹھا کر اتنا
کہین لے میر صاحب کو جدا بیٹھ

کیا کرین نیچی نظر کر بیسبب غصے ہوئے وہ
اور مجلس مین جو بیٹھے دیکھ تو شرمائے وہ

کسطرح تڑپے ہی گیا کیا جی گھٹا جاتا ہو ہائے
ساتھ اسکے دل لگا ہو جس کسو کا وائے وہ

جنگل میں خضر و کعبے کا ہونا مری طرح
دونون کی نارسائی کے اوپر دلیل ہے

آگے جنونسے چھانوین تھے سرو گل کے ہم
سر پر ہمارے سایہ ٔ کگن اب کریل ہے

کچھ چیز و مال ہو تو خریدار ہو کوئی
دنیا کی قدر کیا کہ متاعِ قلیل ہے

کیا روؤن اشک آتے نہین آنکھونسے سیل
پل مارنے مین پیش نظر ایک جھیل ہے

آتے نہین نظر مین مرے ہاتھی کے سوار
کانونمین جو فسانہ اصحاب فیل ہے

ہو صبر اس جو یوسف ثانی کے ہی جمال
تو مصحف مجید مین صبر جمیل ہے

شکر و گلہ سے عشق کے لبریز ہے جہان
کر دیکھے جہان نگاہ یہی قال و قیل ہے

ہم دیر سے ہین منتظر قد کشی یار
کچھ شامتِ عمل سے قیامت مین ڈھیل ہے

جب دیکھتے ہین میر تمھین بیدماغ ہو
کاہیکو ناز عشق مین صاحب و خیل ہے

برسون گذرے ہین ملی کب نہین لین پیار نے
دور سے دیکھ لیا اسکو تو جی مار رہے

وہ مودت کہ جو قلبی ہوا سے سو معلوم
چار دن کہنے کو اس شوخسے ہم یار رہے

مرگ کے حال جدائی مین جبین لین کبتک
جان بیتاب ہی دلکو اک آزار رہے

وجہ یہ تھی کہ تمسے ساتھ لڑی آنکھ اوسکی
ہم جو صورت سے تھے آئینے کی بیزار رہے

دین و دنیا کا زبان کار کھو ہم کو میر
دو جہان داد تحسین ہی مین ہم ہار رہے

شہرون کے تنگ کوچے کا ہیگو گون ہین اپنے
نادر دمند بلبل نالان ہے بے تہی سے
کیا نامہ بر ہمارا ہے صاف بیمروت

ہم وحشیون کے قابل رہنے کی بادیا ہے
دل ہمکو بھی خدا نے دردآشنا دیا ہے
خط نانوشتہ ہمکو ادھر سے لا دیا ہے

عالم شکار ہے وہ اس سن مین میر اسکو
ڈھب جانے مارنے کا کن نے بتا دیا ہے

ہم چمن مین گئے تھے وا نہوئے
سر کسو سے فرو نہین آتا
خوار و زار و ذلیل و بے رویت
کیسا کیسا قفس سے سر مارا

نکہت گل سے آشنا نہوئے
حیف بندے ہوئے خدا نہوئے
عاشق اوسکے ہوئے سو کیا نہوئے
موسم گل مین ہم رہا نہوئے

مین نہ گردن کٹائی جبتک میر
عشق کے مجھ سے حق ادا نہوئے

دیکھیے کیا ہو سانجھ تلک احوال ہمارا ابتر ہے
دل اپنا تو بجھا سا دیا جان چراغ مضطر ہے

خاطر اپنے اتنی آنکھین پھرین ہین اوس بن حیران
تجتے کہا دل چاہے تو بیٹھو دل کیا جانے کیدھر ہے

مین جو لگا دیوانگی کرنے عالم عالم شور اٹھا
کیا کہیے رسوائی کا ہنگامہ میرے سر پر ہے

اُس شکار افگن کے ہم بھی صید ہین
خاک و خون مین کوٹتے چھاتی پچھنے

ہم پہ رہتے ہو کیا کمر کستے
ہنستے کھینچا نہ کھینچے تلوار
شوق لکھتے قلم جو ہاتھ آئے
سیر قابل ہین تنگ پوشی کی
رنگ لیتے ہی سب ہوا اوسکا
اک نگہ کرکے ان نے مول لیا

اچھے ہوتے نہین جگر خستے
ہم نہ مر جائین ہنستے ہی ہنستے
لکھتے کاغذ کے دستے کے دستے
کھنیان پھلتی چولیان چستے
اس سے باغ و بہار ہین رستے
بک گئے آہ ہم بھی کیا سستے

میر جنگل پڑے ہین آج جہان
لوگ کیا کیا نہین تھے کل بستے

سب شرم جبین یار سے پانی ہے
سمجھے نہ کہ بازیچۂ اطفال ہوئے
جون آئینہ سامنے کھڑا ہون یعنے
خط لکھتے جو خونفشان تھے ہم ان نے کہا
دوزخ مین ہون جلتی جو رہی ہے چھاتی

ہر چند کہ گل شگفتہ پیشانی ہے
لڑکو سے ملاقات ہی نادانی ہے
خوبی سے ترے چہرہ کی حیرانی ہے
کاغذ جو لکھے ہے اب سرافشانی ہے
دل سوختگی عذاب روحانی ہے

۳۱۶

اپنا اپنا ہے ذائقہ ہم کو	بوسۂ کنج لب ہی بھاتا ہے
آتش عشق جسکے دلکو لگی	شمع سان آپ ہی کو کھاتا ہے
دیکھنا ہے تو ہی ہم بے پردہ	ہمسے آنکھون کو کب ملاتا ہے
میری تو ہے پلک سے چھوٹی نگاہ	اور وہ اسپہ منھ چھپاتا ہے

میر صناع ہے ملو اوس سے
دیکھو یا نہین تو کیا بناتا ہے

شائستۂ غم و ستم یار ہم ہوئے	عاشق کہان ہوئے کہ گنہگار ہم ہوئے
کی عرض جو متاع امانت ازل کی بیچ	سب اور لے سکے نہ خریدار ہم ہوئے
جی پھیج گیا اسیر قفس کی فغان سے اور	لگی چوٹ اپنے دلکو گرفتار ہم ہوئے
پامال یون کیا کہ برابر ہین خاک کے	کیا ظلم ہو گیا جو طلبگار ہم ہوئے
ہوتا نہین ہے بیخبری کا مآل خوب	افسوس ہے کہ دیر خبردار ہم ہوئے
وصل و وطن طبیب زادیکا ہی چاہتا رہا	آخر اس آرزو ہی مین بیمار ہم ہوئے

پھل ہے یہ میر عشق کا اس نو بہار کے
آخر جو کشت و خون کے سزاوار ہم ہوئے

کہی مین ان لبون کی جانفزائی	یہ بات اک بیخودی مین منھ پہ آئی

شب سنتے حال میر لب پہ موندا آنکھیں | پچھلے سے میں کہوں کیا سوتا ہو تو جگاوے

طاقت کا مخرب ہے جب ڈھب نہیں بتوں سے
چھوڑی نماز واجب گر میر وقت پاوے

بہار آئی نکالو مت مجھے اب کی گلستان سے
تنگ شد ہوئی دل کو جی کی لاگ کچھ پائی
غم ہجران نے شاید آگ دی اس تن بن دل کو
سبب آشفتہ طبعی کا ہماری رہتے ہیں دونوں
ادھر زنجیر کا غل ہے ادھر ہنگامہ لڑکوں کا
محبت میں کسو کی رنج و محنت سے گئے دونوں

مراد اس بنے تو بانہہ تو گل کے گریبان سے
رہے دشمن جو اپنی عمر گئیاں ہم سو ہمارے
شرارے تب تو نکلے ہیں ہمارے جسم بریاں سے
نہ دلجمعی ہے اسکے خط نے زلف پریشان سے
جیوں اس شست میں ہم نے کیا ہے کیسے ماں سے
رہی شرمندگی ہو عمر بھر مجھ کو دل و جان سے

خدا جانے کہ دل کس خانہ آباد ان کو دے بیٹھے
کھڑے تھے میر صاحب گھر کے دروازے پہ حیران ہے

برسوں تک جی کو مار مار رہے | رات دن ہم امیدوار رہے
موسم گل تلک رہے گا کون | چبھتے ہی دل کو خار خار رہے
وصل یا ہجر کچھ ٹھہر جاوے | دل کو اپنے اگر قرار رہے
خوشنوا کیسے کیسے طائر قدس | اس جفا پیشہ کے شکار رہے

شعلو نکی ڈانگ گویا لعلوں تلے دھرے ہیں
یون بات راہ کی تو سنتا نہیں ہے کوئی
جاگہ سے لیگئے ہیں نازان جب گئے ہیں

پھرد کے رنگ ہمنے دیکھے ہین کیا جھمکتے
جاتے نہیں ہم جرس سے اس قافلے مین بکتے
تو بادہ گان خوبی جون شاخ گل لچکتے

اس حسن سے گمان ہین غلطانی موتیونکی
جس خوبصورتی سے میر اشک ہین ڈھلکتے

غم مرگ سے دل جگر ریش ہے
بلا ہے اوسے شوق تیر و کمان
ولا اوسکے ظاہر پہ مت جائیو
بہت خوب ہے لعل نوشین یار

عجب مرحلہ ہم کو درپیش ہے
یہین سے یہ پیدا ستم کیش ہے
وہ خوشرو تو ہے پر بداندیش ہے
ولیکن خط پشت لب نیش ہے

ہمین کیا جو ہے میر بیہوش سا
خدا جانے یہ کیا ہے درویش ہے

گوشش ہر اک کا اسی کی اور ہے
پوچھنا اس ناتوان کا خوب تھا
صندل درد سر مہر و فا
رشتۂ الفت تو نازک ہے بہت

کیا قیامت کا قیامت غور ہے
پر نہ پوچھا ان نے وہ بھی زور ہے
عاقبت دیکھا تو خاک گور ہے
کیا سمجھکر خلق اس پر ڈور ہے

چلاہٹ اسطرحکی جز میر کس سے ہووے
باور نہ ہو تو دیکھو یہ ہو نہ ہو وہی ہے

کل جوش غم مین آنسو ٹپکے نہ چشم تر سے
افسوس ہے کہ آکر یون مینھ ٹک نہ برسے

کیا ہے نمود مردم جو کیسے دیکھیو تم
مژگان بہم زدینین جاتی رہی نظر سے

ہم سا شکستہ خاطر اس بستی مین نہوگا
برسے ہے عشق اپنے دیوار اور در سے

معلوم اگلی سی تو جرأت الم کشی مین
کیا کام نکلے گا اب ٹکڑے ہوئے جگر سے

آئینہ دار اوسکی پائے ہین شش جہت کو
دیکھین تو منہ دکھاوے وہ کام جان کدھر سے

منت بخ کھینچ مل کر ہشیار مردمان سے
اوسکی خبر ملیگی اک آدھ بیخبر سے

جب گوش زد ہوا اوسکے تب بید ماغ ہو وہ
بس ہو چکی توقع اب نالۂ سحر سے

ای رشک مہ کبھو تو چاند سا نکل کر
منہ دیکھنے کو تیرا تا چند کوئی ترسے

چاہت بری بلا ہے کل میر نالہ کش بھی
ہمراہ نے سواران دوڑے پھرے لفر سے

برق و شرار و شعلہ و پروانہ سب ہین یے
جون ہم جلا کرے ہین بھلا جلتے کب ہین یے

لے موے سر ناخن پا تک بھری ہو آگ
جلتے ہین دردمند یہ جلتے کڈھب ہین یے

ہوتا ہو دل کا حال عجب غم سے اوسگھڑی
کہتا ہو جب وہ طرز سے ہمکو عجب ہین یے

٣٢٠

وحشیل ذات نہین عشق مین کہ میر کو دیکھہ
ذلیل کیسے ہین اونکی ہے گو کہ ذات بڑی

ہے تماشا حسن و خط حیرت بھی ہے
یعنے خط تو خوب ہے صورت بھی ہے

دم آخر نہین بولے ہین ہم
کچھ کہینگے بارے اب خصت بھی ہے

ہے وہ فتنہ ہم حریف و ہم ظریف
مارے گالی بھی تو پھر منت بھی ہے

تیغ نے اوسکی ہمین قسمت کیا
خوش نصیبی ہے تو پھر قسمت بھی ہے

دا نسیم صبح سے ہوتا ہے گل
تجکو ہے مرغ چمن عبرت بھی ہے

ن ہی دینے کا نہین کڑھنا فقط
اسکے در سے جانیکی حسرت بھی ہے

دور سے باتین کرے ہے یون ہی یار
میر صاحب سے انھین صحبت بھی ہے

چلے ہم اگر تم کو اکراہ ہے
فقیروں کی اللہ اللہ ہے

قسر ہے نے درد سر نے گلہ
گریبان جیسا سرو لیا سر واہ ہے

جہان لگ چلے گل سے ہم داغ ہین
اگرچہ ہوا بھی ہوا خواہ ہے

ہم عشق ہے نالہ نے بلا
جہان دل لگا کڑھنا جانکاہ ہے

چراغان گل سے ہے کیا روشنی
گلستان کسو کی قدمگاہ ہے

خونریزی کی تولاگو ہوتی نہین یکایک
پہلے تو پوچھتے ہین ظالم گناہ کو بھی

جون خاک سے ہے یکسان میرا بہال قامت
پامال یون ہوتے دیکھا گیاہ کو بھی

ہر لحظہ پھیر لینا آنکھون کا ہمسے کیا ہے
منظور رکھیے کچھ تو بارے نباہ کو بھی

خواہش بہت جو ہو تو کاہش ہے جان و دل کی
کچھ کم کران دنونمین اے میر چاہ کو بھی

سنا جاتا ہے اے کینے ترے مجلس نشینون سے
کہ تو دارو پیے ہے رات کو مل کر کمینون سے

کئی گرم اختلاطی کبکی ان سحر آفرینون سے
لگے رہتے ہین داغ ہجر ہی اب اپنے سینون سے

گلے لگ کر نہ یک شب کاش وہ بیہوگیا ہوتا
مری چھاتی جلا کرتی ہے اب کتنے مہینون سے

خدا جانے ہے اپنا تو جگر کا پناہی کرتا ہے
چڑھی تیوری سے محبوب نکلے اور ابرو کی چینون سے

بہت کوہ دامن خرقے بشخون کے پھٹے پائے
کہین نکلے تھے گورے ہاتھ اسکے آستینون سے

رہی محو خیال اسکے تو اک دقت سے ہاتھ آئے
نزاکت اس کمر کی پوچھیے ہم باریک بینون سے

برنگ برگ گل ساتھ ایک شادابی ہوتا ہے
عرق چین بھیگتا ہے دلبر نکلے جب پسینون سے

بہت مین لخت دل دیا مجھے اک خلق نے جانا
ہوا ہے یہین میرا نام ان رنگین نگینون سے

غزل ہی کی ردیف و قافیہ کا رخنہ رہتا ہے
نکلنا میر اب مشکل ہے میرا ان زمینون سے

منہ ادھر کر کے وہ نہیں سوتا | خواب میں آوے تو ملطف ہے

یاں تو تکلیف سی تکلیف | وان وہی اب تلک تکلف ہے

چھیڑا اس شوخ نے رکھی ہمسے | عہد پر عہد ہے تکلف ہے

مرگ کیا منزل مراد ہے میر
یہ بھی اک راہ کا توقف ہے

تسکین دردمندوں کو یار شتاب دے | دلکو ہمارے چین دے آنکھوں کو خواب دے

اسکا غضب ہے نامہ نہ لکھا تو سہل ہے | لوگوں کے پوچھنے کا کیا کوئی جواب دے

گل ہے بہار تب ہی جو آنکھوں میں ہو نشہ | جاتی ہے فصل گل کہیں ساقی شراب دے

وہ تیغ میری تشنۂ خون ہو گئی ہو کند | کر رحم مجھپہ کاشکے یارو سکو آب دے

دو چار الم جو ہو وین تو ہین تاب بتان | کیا ورد بیشمار کا کوئی حساب دے

تار نگہ کا سوت نہیں ضعف سے | بیجان ہے یہ رشتہ دلا اسکو تاب دے

مژگان تر کو یار کے چہرے پہ کھول میر
اس آب خستہ سبزے کو ٹک آفتاب دے

بجر استانہ جذبہ ہو نہ یاری بخت بد ہے | یہی بیطاقتی خون گشتہ دلکو میر کرسے ہو

جہان شطرنج بازندہ فلک ہم تم ہیں مہرے | لبسان شاطر تو ذوق اسکے مہروں کے زد ہے

ہم ان پلکوں ہو ٹھو کرتے ہتنے کو جگانیکی
طرح آئی ہو اس قد کو قیامت سر لانیکی

کسو سے آنکھ کے لڑتے ہی اپنی جان دے بیٹھے
نئی یہ رسم ہم جاتے ہین چھوڑے دل لگانیکی

جہان ہم آئے چہرے پر بکھیرے بال جا سوئے
ادا کرتے ہو تم کیا خوب ہم سے منہ چھپانیکی

مسین بھیگی ہین اسکی سبزۂ خط کی ابدیت سے
مسیح و خضر کو پہونچی بشارت زہر کھانیکی

جہان اسکے لیے غربال کر نومید ہو بیٹھے
یہی اُجرت ملی ہے کیا ہمارے خاک چھانیکی

کہون کیا ایک بوسہ لب کا دیکر خوب گڑ ایا
رکھی پرسون تلک منت کبھو ملکی بات مانیکی

بگولا کوئی اٹھتا ہو کہ آندھی کوئی آتی ہے
نشان یادگاری ہو ہماری خاک اڑانیکی

کرے ہے داغ اسکا عید کو سب سے گلے ملنا
الٹ لی ہے نئی یہ میری چھاتی کے جلانیکی

لڑا کر آنکھیں اس اوباش سے اک پل مین مرگذرا
حکایت بو العجب ہے میر جی کے مارے جانیکی

کرے یہ الشکل ہیئت آن کر ایسی نہین دیکھی
کہ صورت آسمانکی دیکھکر مینے زمین دیکھی

کبھو دیکھوگے تم جو ہر طرح دار اسطرف آیا
طرح ترکیب ایسی ہمنے ابتک تو نہین دیکھی

نہ ہمکو دلکش اسقدر کا ہیکو ہوتا ہے
کہ دن ہون شکر کے سجدے کہ مینے وہ جبین دیکھی

کہان وہ طرز کین اسکی کہان چین جبین اسکی
لگا کہ بارہا اس شوخ سے تصویر چین دیکھی

گریبان پھاڑ ڈالین دیکھکر دامن کشان اسکو
پھٹے خرقے بہت جو چاک کی وہ آستین دیکھی

آنکھیں ہی لگی جاتی ہیں اُس جاذبہ کو میرؔ
آتی ہے بہت دیر جو اُس منھ پہ نظر جا لگے

بتونکے جرم والفت پر ہمیں جور و ملامت ہے — مسلمان بھی خدا لگتی نہیں کہتے قیامت ہے
کھڑا ہوتا نہیں وہ رہزن دل اُن عاشق کے — موافق رسم کے آئے دور کی صاحب سلامت ہے
جھکی ہو شاخ پر گل ناز سے کیا صحن گلشن میں — نہال قد کی اسکی مدعی تھی سوز ندامت ہے
نکلتا ہے سحر خورشید ہر روز اُسکے گھر پر سے — مقابل ہو گیا اس سے تو اس سادہ کی شامت ہے

پیے دار و پڑے پھرتے تھے کل تک میرؔ کوچوں میں
انھیں کو مسجد جامع کی دیکھی آج خدمت ہے

خدا کرے مرے دلکو ٹک ایک قرار آوے — کہ زندگی تو کروں جب تلک کہ یار آوے
کمانیں اسکی بھوؤں کی چڑھی ہی رہتی ہیں — نہ جب تلک سر تیر ستم شکار آوے
ہمیں تو ایک گھڑی گل بغیر دو بھر ہے — خدا ہی جانے کہ اب کب تلک بہار آوے
اٹھی بھی گرد رہ اسکی کہیں تو لطف ہے کیا — جب انتظار میں آنکھوں ہی پر غبار آوے
بہار ایک شے کا ہے موسم بجا نے تھا منصور — کہ نخل دار میں حلق بریدہ بار آوے
تمھارے جور و ستم سے اب حال جاے حیرت ہے — کسو سے کہیے تو اوسکو نہ اعتبار آوے
نہیں ہے چاہ بھلی اتنی بھی دعا کر میرؔ — کہ اب جو دیکھوں اُسے میں بہت تو پیار آوے

۳۲۵

دم شماری سے ہے رنج قلب سے
اپنی عزلت رکھتی ہے عالم ہی اور
فرط خجلت سے گرا جاتا ہے سرو
دل زدہ کو اوسکے دیکھا نزع مین
رنگ ہین اوسکے چمک ہے برق کی
گو خطا اسکے پشت لب کا زہر ہو
خشک کر دیتی ہے گرمی عشق کی

اب حساب زندگی بیباق ہے
یہ سیہ رو شہرۂ آفاق ہے
قد دلکش اسکا بالا چاق ہے
تھا نمودار آنکھ سے مشتاق ہے
سطح کیا رخسار کا براق ہے
بوسۂ کنج دہن تریاق ہے
بید صحرائی سا مجنون قاق ہے

مت پڑا رہ دیدے کے ٹکڑو پہ میر
اٹھ کے کیسے چل خدا رزاق ہے

بات کیا آدمی کی بن آئی
چرخ زن اوسکے واسطے ہے مدام
ماہ و خورشید و ابر و بادہ سبھی
کیسے کیسے کیے تردد جب
اسکو ترجیح سب کے اوپر دے
حیرت آتی ہے اسکی باتین دیکھ

آسمان سے زمین پنوائی
ہوگیا دن تمام رات آئی
اُسکے خاطر ہوئے ہین سودائی
رنگ رنگ اوسکو چیز پہونچائی
لطف حق نے کی عزت افزائی
خودسری خودستائی خودرائی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دیوان چہارم

ردیف الف

کرتا ہوں اللہ اللہ درویش ہوں سدا کا
سرمایۂ توکل یاں نام ہے خدا کا

نے نکل جنوں سے عشق قلندری کی
زنجیر سر ہوا ہے تھا سلسلہ جو پا کا

یارب ہمارے جانب یہ تنگ کیوں ہے عائد
جی ہی سے مارتے ہیں جو نام لے وفا کا

کیا فقر میں گزر ہو چشم طمع سے ہے یاں
ہے راہ تنگ ایسی جیسے سوئی کا ناکا

یا درجوش گل ہے چل خانقہ سے صوفی
ہے لطف میکدہ میں وہ چند اس ہوا کا

زلف سا پیچدار ہے ہر شعر
ہے سخن میر کا عجب ڈھب کا

واعظ کی سوبچ ہے وے میفروش سے	ہم ذکر بھی سنا نہین صوم و صلوات کا
بھونگا کرین رقیب پڑے کوے یار مین	کسکے تئین دماغ عفف ہے شکات کا
ان ہونٹھونکا حریف ہو ظلمات مین گیا	پر دیں و سیاہ ہے آب حیات کا
عالم کسو حکیم کا باندھا طلسم ہے	کچھ ہو تو اعتبار بھی ہو کائنات کا

گر یار میر اہل ہے تو کام سہل ہے
اندیشہ تجکو یو نہین ہے اپنی حیات کا

تجاہل تغافل تساہل کیا	ہوا کام مشکل توکل کیا
نہین تاب لانا دل زار اب	بہت ہمنے صبر و تحمل کیا
نہین غزل ملک سی ہو گئی	یہ قطعہ تصرف مین بالکل کیا
جنون تھا نہ مجکو نہ چپ رہ سکا	کہ زنجیر ٹوٹی تو مین غل کیا
نہ سوز دورن فصل گل مین چھپا	سر و سینہ سے داغ نے گل کیا
ہمین شوق نے صاحب کھو دیا	غلامون سے اوسکے توسل کیا

حقیقت نہ میر اپنی سمجھی گئی
شب و روز ہم نے تامل کیا

رفتہ عشق کیا ہون مین اب کا	جا چکا ہون جہان سے کب کا

شوق نے دل کی بھی کیا بات بڑھائی ہے | رقعہ اسے لکھے تو طومار لکھا جاتا
ہمی کہ دعوے اسکے لب خندان سے | بس کچھ نہ چلا ورنہ پستے کو چبا جاتا
اب تو نہ رہا وہ بھی طاقت گئی سب دل کی | جو حال کبھو اپنا مین تم کو سنا جاتا

وسواس نہ کرتا تھا مر جانے سے ہجران مین
تھا میر تو ایسا بھی دل جیسے اٹھا جاتا

مستانہ اگرچہ مین طاعت کو لگا جاتا | پر بعد نماز اٹھ کر میخانہ چلا جاتا
بازار مین ہو جاتا اس مہ کا تماشا تھا | یوسف بھی جو وان ہوتا تو اسپہ بکا جاتا
دیکھا نہ ادھر ورنہ آتا نہ نظر پھر مین | جی مفت مرا جاتا اُس شوخ کا کیا جاتا
شب آہ شرر افشان ہونٹھو تسے پھرے میرے | سر کھینچتا یہ شعلہ تو مجھکو جلا جاتا
کیا شوق کی باتونکی تحریر ہوئی مشکل | تھے جمع قلم کاغذ پر کچھ نہ لکھا جاتا
آنکھیں مری کھلتیں اُس چہرے پہ پڑتین | کیا ہوتا یکایک وہ سر پر مرے آجاتا
سبزہ کا ہوا دوکش خط رخ جانان کی | جو ہاتھ مرے پڑھتا تو پاؤن کو کھا جاتا
ہے شوق سیہ رو سے بدنامی و رسوائی | کیون کام بگڑ جاتا جو صبر کیا جاتا

تھی میر بھی دیوانہ پر ساتھ ظرافت کے
ہم سلسلہ دارونکی زنجیر ہلا جاتا

اک نگہ کرنے مین غارت کر دیا اے وائے ہم
دل جو ساری عمر کا اپنا تھا شرمایا گیا

کیا عجب ہے جو کوئی دل زدہ ناگہ مرے
اضطراب عشق مین جی تن سے گھبرایا گیا

ماہ کہتے تو کہا اُس سے خوش کا ہے حریف
شہر مین پھر ہمسے اپنا منہ نہ دکھلایا گیا

جیسے پرچھائین دکھائی دیکے ہو جاتی ہے محو
میر بھی اُس کام جان دو مین تھا سایا گیا

ہم مست عشق جسکے تھے وہ روٹھ کر گیا
دیکھا اوسکو بیدماغ نشہ سب اُتر گیا

جان بخشی اسکے ہونٹھونکی سن اب زندگی
اپنا چھپا کہین کہ کہا جائے مر گیا

کہتے ہین میر کعبہ گیا ترک عشق کر
راہ دل شکستہ کدھر وہ کدھر گیا

شاید جگر حرارت عشقی سے جل گیا
گل درد دل کہا سو مرا منہ اُبل گیا

بے یا حیف باعین دل ٹک بھسل گیا
دے گل کو آگ چار طرف مین جل گیا

اس آہو رمیدہ کی شوخی کہین سو گیا
دکھلائی دے گیا تو چھلاوا سا چھل گیا

ونرات خون کیا ہے کیسے ہم جگر کو پھر
گر پھول گل سے کوئی گھڑی جی بہل گیا

تیور بدلنے سے تو نہین اسکے بچو اُس
اندیشہ یہ ہے طور سے اسکا بدل گیا

ہرچند مینے شوق کو پنہان کیا و لے
اک آدھ حرف پیار کا منہ سے نکل گیا

منہ دکھانا برسون وہ خوشرو نہین
کچھ نہ مین سمجھا جنون و عشق مین
داغ تھا جو سر پہ میرے شمع سان

چاہ کا یون کب تلک ناتا رہے
دیر ناصح مجکو سمجھاتا رہے
پانون تک مجکو وہی کھاتا رہے

کیسے کیسے رک گئے ہین میر ہم
مدتون منہ تک جگر آتا رہا

اوصاف موے شعر سے الجھا و پڑ گیا
جیتے جی یہ ملا نہ رہا سو رہا غریب
گیا اوسکے دل جلے کی تمامی مین بر ہو
فرہاد پہلوان محبت پہاڑ تھا
گل رنگ تنگ شاخ پہ نکلا بہار مین
یان حادثے نے باد سے ہر ایک شجر ہجر

دانتون کو سلک در جو کہا مین سو لڑ گیا
جو دل شکستہ ساتھ سے اسکو بچھڑ گیا
جیسے چراغ صبح شتابی بگڑ گیا
بیطاقتی جو دل نے بہت کی بچھڑ گیا
آنکھین سی کھل گئی ہین جو مرجھا کے جھڑ گیا
کیسا ہی پائدار تھا آخر اکھڑ گیا

شرماوے سرو وہ ہووے اگر آدمی روش
وصف اسکے قد کا میر سے سنکر اکڑ گیا

جان اپنا جو ہمنے مارا تھا
کون لیتا تھا نام مجنون کا

کچھ ہمارا اسی مین دارا تھا
جب کہ عہد جنون ہمارا تھا

طائر کی بھی رہتی ہی پھر جان چمن ہی مین — گل آئے جہان وہ بھی جون آب وان آیا

خلوت ہی رہا کرتی ہی مجلس مین تو یون اسکی
ہوتا ہی جہان یکجا مین میر جہان آیا

خون ہوا دل چاہیے جیسا کہ اب کام سہی جاویگا — کام اپنے وہ گیا آیا جو کام ہمارے آویگا
آنکھین لگی رہتی ہین اکثر چاک قفس سے اسیرونکی — جھوکا باد بہاری کا گلبرگ کوئی یان لاویگا
فتنے کتنے جمع ہوئے ہین زلف و خال و خد و قد — کوئی نہ کوئی عہد مین میرے سر انمین سے اٹھاویگا
عشق مین تیرے کیا کیا اسکو یار کئی گر جاتے ہین — یعنے غم کھاتے ہین بہت ہم غم بھی ہم کو کھاویگا
ایک نگہ کی امید بھی اسکی چشم شوخ سے ہمکو نہین — ادھر ادھر دیکھے گا پر ہمسے آنکھ چھپاویگا
اتبو جوانی کا یہ نقشہ ہی بیخود تجکو رکھے گا — ہوش گیا پھر آویگا تو دیر تلک پچھتاویگا

دیر سے اس اندیشہ نے ناکام رکھا ہی میر ہمین
پاؤن چھوئینگے اسکے ہم تو وہ بھی ہاتھ لگاویگا

بہار آئی چلو چمن مین ہوا کے اوپر بھی رنگ آیا — کہان تلک گل ہوے غنچہ رہا ممند منھ سوتنگ آیا
چلے مین تندھے پھٹی ہی کہنی جسپی ہی چوپی پھنسی ہی مہری — قیامت اسکی ہی تنگ پوشی ہمارا جی تو بہ تنگ آیا

وہی ہی رونا وہی ہی کڑھنا وہی ہی سوزش جوانی کی سی
بڑھاپا آیا ہی عشق ہی مین پہ میر ہمکو نہ ڈھنگ آیا

بکاے شب و روز اب چھوڑ میر
نواح آنکھون کا تو ورم کر گیا

یاری کیے کسو کا کا ہیکو نام نکلا
ہنگامے سی جہان مین ہمنے جنون کیا ہی
پامالی خطر سے نکلا نہ کبک اُٹھ دھر
جنگ زمانہ مین تو نبحت ہی عشق ہی کا

ناکام عشق تب تو عاشق کا نام نکلا
ہم جسطرف سے نکلے ساتھ اژدحام نکلا
جیدھر سے ناز کرتا وہ خوشخرام نکلا
بیجا ہوا دل اپنا جب وہ مقام نکلا

جانا تھا تجکو ہمنے تو پختہ مغز ہوگا
دیکھا تو میر تیرا سودا ابھی خام نکلا

نے ہمسے کچھ نہ اُس ستم ایجاد سے ہوا
شیرین کا حسن ایسا تھا جو خستہ جان دین

ظالم صریح عشق کی امداد سے ہوا
جو کچھ ہوا سو خواہش فرہاد سے ہوا

خوش زمزمہ طیور رہی ہوتے ہین میر اسیر
ہم پر ستم یہ صبح کی فریاد سے ہوا

زار کیا بیمار کیا اس دل نے کیا آزار کیا
جرم ہی ہم الفت کشتو نکا لگ ٹہنیسے شوق ہوا
چاہا ہمنے کیا تھا پر اپنا چاہا کچھ نہ ہوا

داغ سے تن گلزار کیا سب آنکھونکو خونبار کیا
اب کہتے ہین دل ہین اپنے ہمنے اُسے کیون پیار کیا
عزت کھوئی ذلت کھینچی عشق نے خوار و زار کیا

ہا افسوس آنکھیں تر ہوئیں تو
کہ آنسو تھا جگر پارا ہمارا

نہ یارے یاوری طالع نے کچھ کی
گیا بے یار سب یارا ہمارا

گلہ لب تک نہ آیا میر ہرگز
کھپا جی ہی میں غم سارا ہمارا

ردیف بای

ہوا جو دل خون خرابی آئی ہر ایک اعضا میں ہو فتور آب
حواس گم ہیں دماغ گم ہے رہا سہا بھی گیا شعور آب

مرینگے غم سے بزا ریوں تو نظر میں ہرگز نہ لاؤ گے تو
کرینگے ضایع ہم آپ ہی کو تنگ ہو کر تری حضور آب

وجوب امکان میں کیا ہی نسبت کہ میر بندے کا پیش صاحب
نہیں ہے ہو نا ضرور کچھ تو مجھے بھی ہونا ہی کیا ضرور اب

کیا گئی جان و دل سے تاب شتاب
آنسو آتے ہیں اب شتاب شتاب

ہینگی وے پلکیں اور کے رخنے
حال دل ہو گیا خراب شتاب

یوں صبا بھی سبک نہیں جاتی
جوں گیا موسم شباب شتاب

پیر ہو کر ہوا ہوں یوں غافل
جیسے لڑکوں کو آوے خواب شتاب

مرتے ہیں ہو جواب نامہ وہی
آوے خط کا اگر جواب شتاب

مہربانی تو دیر میں ہے کبھو
ہے دل آزاری و عتاب شتاب

ردیف تاے

ہون بیخود تو کوئی پہونچے مجھ تلک
بیخودی نے حال پہونچایا ہی اب

کاشکے ہو جاے سینہ چاک چاک
رکتے رکتے جی بھی گھبرایا ہی اب

راہ پردہ کیونکہ آوے مست ناز
دشمنون نے اُسکو بہکایا ہی اب

کیا جیین گے داغ ہوکر خون ہوا
زندگی کا دل جو سرمایا ہی اب

میر شاید کعبے ہی مین رہ پڑے
دیر سے تو یان خدا لایا ہی اب

کیا کرین تدبیر دل مقدور سی باہر ہی اب
نا امید اس زندگانی کرنے سے اکثر ہی اب

جن و لون ہم کافر و سی ربط تھا وے ہو چکے
وہ بت بیمہر اپنی اور سے تیہر ہی اب

دور تک رسوا ہوا ہون شہرون شہرون ملک ملک
میرے شعر و شاعری کا تذکرہ گھر گھر ہی اب

وہ طبیعت ہی نہین ہے میری ای مشفق طبیب
کر دوا جو طبع مین آوے ترے بہتر ہی اب

بیخود اُس مست لے داو ناز بن رہتے ہین ہم
عالم اپنا دیکھیے تو عالم دیگر ہی اب

وہ سپاہی پیشہ لوگون ہی مین رہتا ہی کھڑا
گرد پیش اُس دشمن احباب کے لشکر ہی اب

گفتگو انسان سے محشر مین ہی یعنے کہ میر
سارا ہنگامہ قیامت کا مرے سر پر ہی اب

خلاف وعدہ بہت ہوے ہوکوئی تو وعدہ وفا کر داب
ملا کی آنکھین دروغ کہنا کہان تلک کچھ حیا کر داب

بعد مرگ آنکھیں کھلی رہنے سے یہ جانا گیا
تکنے ضایع روزگاری آنکی جی لایا تہ تاب

دیکھنے کی میرے اسکی جبین بھی حسرت بہت
آپکو کر بیٹھے ضایع ہمکو تھی حسرت بہت

آنکھین جاتی ہین ندے ضعف دلی ہی دمبدم
دل گئے پر آجکل سے چپ نہین مجکو لگی

اندنون انکو بھی ادہر ہی سہی ہی غفلت بہت
گذری اس بھی بات کو اے ہمنفس مدت بہت

دل مین جا کرتا ہی اور میر شاید دوستان
ان نے صاحبدل کسو سی رکھی ہی صحبت بہت

چشم رہنے لگی پر آب بہت
شاید آویگا خون ناب بہت

دیر و کعبے مین اسکے خواہشمند
ہوتے پھرتے ہین ہم خراب بہت

دلکے دل ہی مین رہگئے ارمان
کم رہا موسم شباب بہت

مارنا عاشقونکا گر ہی ثواب
تو ہوا ہی تمھین ثواب بہت

کیسے بے پردہ کیونکہ عاشق ہین
ہمکو لوگون سے ہی حجاب بہت

میر بیخود ہین اس جناب سے اب
چاہیے سب کو اجتناب بہت

دلنے کام کیے ہین ضایع دلبر ہی دلخواہ بہت
قدر بہت کم ہی دلکی پر دلمین ہی جا کاہ بہت

راہ کی بات سنی بھی تو جانا حرف غریب اسکو
خوبی پر اپنی حسن پر اپنے پھرتا ہی گمراہ بہت

ردیف ثا

ردیف جاے حطی

نتا اسکا دیکھ رہیے کہ رفتار ناز کو	سرتا قدم ہی لطف ہی اس نقش سہر کے بیچ
پروانہ سرشک ہین تار نگاہ ہی	اس شتے کی روش کہ جچا ہو وے گہر کے بیچ
کیا دل کو خون کیا کہ تڑپنے لگا جگر	یکتاے روزگار ہین ہم اس ہنر کے بیچ
ایسا ہوا ہو معتبر کہ اب ہو حساب یک	کہیے جو کچھ بھی باقی ہو اپنے جگر کے بیچ

ہو اپنی خانہ وادی ہین اپنا ہی شور میر
بلبل بھی ایک ہی بولتا ہوتا ہو گھر کے بیچ

ضبط کیا کیا ہمنے کیجے دوستی یاری کے بیچ	کیا ہوئی تقصیر اسکی ناز برداری کے بیچ
دوش و آغوش و گریبان و دامن گلچین ہوئے	گلفشانی کر رہی ہو چشم خونباری کے بیچ
ایک کو اندیشہ کار ایک کو ہی فکر یار	لگ رہے ہین لوگ سب چلنے کی طیاری کے بیچ
منتظر تو رہتے رہتے پھر گئین آنکھین ندان	وہ نہ آیا دیکھتے ہم کو تو بیماری کے بیچ
جان کو قید عناصر سے نہین ہی وارہی	تنگ آئے ہین بہت اس چار دیواری کے بیچ
روتے ہی گذری ہمین ہر شب نشینی ماندگی	اوس سی پڑتی رہی ہو رات ہر کیاری کے بیچ
دو پڑتا ہی جوانی تھی کہ آئی رفتگی	ہو گیا ہو نہین تو مست عشق ہشیاری کے بیچ

ایک ہو وین جو زبان و دل تو کچھ نکلے بھی کام
یون اثر اے میر کیا ہو گریہ و زاری کے بیچ

ایکسا نہ مر گئے وے لوگ سارے اسطرح	عشق کی کیسے طرح کیا او ان دو فرہاد و قیس

جو عرق تحریک مین اُس رشک مہ کے مُنھ پہ آہر
میر کب ہوئے ہین گرم جلوہ تارے اسطرح

ہوتے ہین ہم ستم زدہ بیمار ہر طرح	پہونچے ہی ہمکو عشق مین آزار ہر طرح
اُس طرحدار کے ہین گرفتار ہر طرح	ترکیب وطرح ناز و ادا سب دل لگے
ایسی متاع جاتی ہے بازار ہر طرح	یوسف کی اس نظیر سے دلکو نہ جمع رکھ
ہم کشتۂ خون کے ہینگے سزاوار ہر طرح	جسطرح مین کھائی دیا اُس سے لگ پڑے

چپ لگ کے بام دوڑے گلی کوچے مین بسی میر
مین دیکھ لون ہون یار کو اکبار ہر طرح

ردیف خای

ریزش کا اسکے تختہ ہی سینے کا سنگ سرخ	ہی میرے جوہر رشک مادم کا رنگ سُرخ

ردیف دال

اب مین ہون جیسے دیر کا بیمار بد نمود	زردی عشق سے ہی تن زار بد نمود
پائیز دیدہ جیسے ہون اشجار بد نمود	بے برگی بے نوائی سے ہین عشق مین ہزار
اے ناز پیشہ کب ہی لیا ر بد نمود	ہرچند خوب مجکو بنایا خدا نے لیک

ف کر عاشق کے سر کٹنے کی قطعی ہو دلیل
کبھو بھی نزدیک اُسکے ٹھہرا ہو تو دیکھے بھر نظر

ہو جہان شمشیر ابرو اسکی خم حد سے زیاد
قدر ہو عاشق کی ان آنکھوں مین کم حد سے زیاد

پاس ہسکے دم بخود بیرون تھے سو طاقت کہان
بات کہتے میر اب کرتے ہین فریاد سے زیاد

شعر دیوان کے میرے کر کر یاد
خود کو عشق تھا یعنی جول بچا
سب طرف کرتے ہین نکویان کی
وحشی اب گرد باد سے ہم ہین

مجنون کہنے لگا کہ ہان اُستاد
متوکل ہو کر خدا کو یاد
کس سے جا کر کوئی کرے فریاد
عمر افسوس کیا گئی برباد

چار دیواری عناصر میر
خوب جاگہ ہی پر ہی بے بنیاد

ردیف ذال

ر ویشی کی ہو سوختگی ہی سو ہی لذیذ
نان و نمک ہی داغ کا کبھی ایک شور دید

ردیف رای

ت اس چمن مین غنچہ روش بود و باش کر
دل رکھ قوی فلک کی زبردستی پر نجا

مانند گل شگفتہ جبین یان معاش کر
گر گشتی لگ گئی ہی تو تو بھی تلاش کر

عشق و محبت یارکین کیا لطف کے ہی کرنا ضبط
مانگ پناہ خدا سے بندی دل لگنا اک آفت ہی
گیا میں بتخانے کی بہتران سنجھو نکے مصلے سے

چھاتی پہ جو ہو کوہ الم کا تو بھی نالہ و آہ نکر
عشق نکر زنہار نکر واللہ نکر باللہ نکر
پانون نہ رکھ مسجد سے پہ انکے اس جا دیسے [illegible]

میر نہ ہم کہتے تھے تجھسے حال نہیں کچھ رہنے کا
چاہ بلا سے جان و دل پر آجانے دے چاہ نکر

کل سے دل کی کل بگڑی ہی جی مارا بیکل ہوکر
ایک سجود خلوص بسا آہ کیا نہ جوانی میں
جیب بریدہ خاک ملونکی حال ہی کیا آگاہی تجھیں
ایک تو ہم تو ہوتے نہیں ہیں سر بہتیرا مار چکے

آج لہو آنکھیں نہیں آیا درد و غم سے رو رو کر
سر مارتے ہیں محرابوں میں یونہیں قمت کو اب کھو کر
راہ چلو ہو نازکنان تو ان کو لگا کر ٹھوکر
اب بہتیری ستم کی جلد لگا کر تو دو کر

جی ہی ملا جاتا ہی اپنا میر سمان یہ دیکھے ہی
آنکھیں ملتے اُٹھتے ہیں بستر سے لرجب سو کر

یہ لطف اور پوچھا مجھ سے خطاب کر کر
چھاتی جلی ہی کیسی اڑتی جو یہ سنی ہی
خونریزی سے کچھ آگے تقصیر کر لیا تھا
گنتی میں تو نہ تھا میں پر کل خجل ہوا وہ

کا ہی میر کچھ کہیں ہم تجکو عتاب کر کر
وان مرغ نامہ بر کا کھا کباب کر کر
اس دل زدہ کو ان نے مارا خراب کر کر
کچھ دوستی کا میرے دل میں حساب کر کر

...ست و بجود ہم اُسکے در پہ گئے	لوگ اُسکو خبر کرین کیون کر
...سو رہا بال منھ پہ کھول کے وہ	ہم شب اپنی سحر کرین کیون کر
...ر فلک پر ہو وہ زمین پر آہ	انکو زیر و زبر کرین کیون کر

دل نہین دردمند اپنا میر
اور نالے اثر کرین کیون کر

ردیف زای

...ہ زیر خاک لاشہ عاشق طپان ہنوز	پیدا ہی عشق کشتی کا اُسکے نشان ہنوز
...گردش سے اُسکی خاک برابر ہوئی ہی خلق	استادہ روے خاک پہ ہی آسمان ہنوز
اُس تک پہونچنے کا نہین ہی حال کچھ...	جاتے ہین گرتے پڑتے بھی ناتوان ہنوز
پروانہ جل کے خاک ہوا پھر اُڑا گیا	ای شمع تیری رہتی نہین ہی زبان ہنوز
...بندی ہزار جا نہین گئین اُسکی راہ مین	ایک آدھ تو بھی مر رہے ہین نیم جان ہنوز
...دت ہوئی کہ خوار ہو گلیون مین مر گئے	قصہ ہمارے عشق کا ہی داستان ہنوز

لخت جگر کے غم مین کہ تھا لعل پارہ میر
رخسار زرد پر ہی مرے خون وان ہنوز

...دیوانگی کی ہی زور آوری ہنوز	ہر دم نئی ہی میری گریبان دری ہنوز

خاک ہوکر اڑ گئے ہیں یا ہنوز نہ جگر میں ہو خون دل میں خون	دل کا بیتیا نہیں غبار ہنوز ورپے خون ہو روزگار ہنوز
دست بردل ہوں مدتوں سے میر دل ہی ویسا ہو بیقرار ہنوز	
دوستان حسن وخوبی ہو کیا چیز	ٹھہری ہو جان سے بھی ستے کی

ردیف سین

مدت ہجر میں کیا کرنے بیان یار کے پاس	حال پرسی بھی نکی آن کے بیمار کے
حق یہ ہو خواہش دل تو ہو مری آجاتا	جبکہ خونریزی کو بٹھلائیں کھچی دار
در اسیری کا کھلا منہ پہ ہمارے کیا تنگ	مر ہی رہیے گا قفس کے در و دیوار
آنا اسکا تو دم قتل ضروری ہو وے	کون آتا ہو کسو خونکے سزادار کے
پائیے یار اکیلا تو غم دل کہیے	سو تو بیٹھا ہی اُسے پاتے ہیں وہ
منہ پہ ناخن کے خراشوں سے لگا دل کہنے	ہم تو بیٹھا ہی اُسے پاتے ہیں اغیار کے
میں تو تلوار تلے اُسکے لیے بیٹھا میر وہ کھڑا ابھی نہ ہوا آکے گنہگار کے پاس	
کل ہاتھ جارہا تھا دل بیقرار پاس	گویا کہ جارہا کسو سوزندہ یار پاس

ردیف شین

ردیف صاد

ردیف ضاد

ردیف طا

کیا جان ہی گئی نہ ہر بھری روزگار کی	سب اس گزرگہ ہی ہے سیہ کاری کی روش
وہ رفت و خیز گرم تو مدت سے ہو چلے	رہتے ہیں اب گرے پڑے بیمار کی روش
جاتے ہیں رنگ و بوے گل وا بجو چلے	آئی نہ خوش ہمیں تو یہ گلزار کی روش
مائل ہوا ہو سرو گلستان کا دل بہت	کچھ آگئی تھی اسمین قد یار کی روش
زندان بیچ جہانگی بہت ہیں خراب حال	کرتے ہیں ہم معاش گنہگار کی روش

یون سر بکھیرے عشق مین پھرتے نہیں ہیں میر
اظہار بھی کرین ہیں تو اظہار کی روش

رہتے ہیں بہت ہم لگے ہم آزار سے ناخوش	بستر پہ گرے رہتے ہیں بیمار سے ناخوش
جانا جو مقرر ہی مر آوار غنا سے	ہیں بستی کی ہیں ہو ہی رو دیوار سے ناخوش
ہموار سے ہیں نرم و خشن ایک سے دونون	خوش ہیں نہ گل تر سے نہ ہم خار سے ناخوش
سرشتہ دل بند نہیں زلف و کمر بین	کیا جانیے کیسلیے ہیں یار سے ناخوش
ہی عشق مین صحبت سر و خوبانکی عجب کچھ	اقرار سے بیزار ہیں انکار سے ناخوش
خوش رہتے ہیں حباب ہم لبالب ہے	رہتے ہو تمھیں ایک مرے پیار سے ناخوش

اک بات کا بھی لوگون مین چھیٹ اسے کرنا
ہم ہینگے بہت میر کے گفتار سے ناخوش

ردیف ظا

۳۴۵

ردیف عین

ردیف غین

ہمارے آگے چمن سے گئی بہار دریغ
دریغ درد و صد افسوس صد ہزار دریغ

احتیاطِ صراحیٔ مے سے　　ہمنے سجادہ کے دھلائے داغ

دیکھیے دامن کے نیچے کیسے دیے
میرنے گر تلے چھپائے داغ

ردیف فای

آج ہمارا سر پھرتا ہی باتین جتنی سب موقوف
کسکو باغ سے رہا یان آٹھ پہر کی منت کا
اسکی گلی مین آمد و شد کی گھات ہی میں ہم رہتے تھے
وہ جو مانع ہو تو کیا ہی شوق کمال کو پہونچا ہی

حرف و سخن جو یا یکدیگر رہتے تھی سو اب موقوف
ربط اخلاص سے دن گذرے خلط اب سب موقوف
اب جب شکستہ پا ہو بیٹھے دھب کرنیکی دھب موقوف
وقفہ ہوگا تب ملنے مین ہم بھی کرینگے جب موقوف

حلقے پڑے ہین چشم تر مین سوکھے ایسے تم تھے
رونا کڑھنا عشق مین اسکے میر کروگے کب موقوف

ہین آگے نہ تھا دیدۂ پر آب سے واقف
پتھر تو بہت لڑکو نکے کھائے ہین لیکن
ہم ننگ خلائق یہ عجب ہی کہ نہین ہین
شب آنکھین کھلی رہتی ہین ہم منتظرون کی
بل کھاتے نہین بالونکے ہم جاتے ہین اے میر

پلکین نہ ہوئی تھین مری خوناب سے واقف
ہم اب بھی جنون کے نہین آداب سے واقف
اس عالم اسباب مین اسباب سے واقف
جون دیدۂ انجم نہین ہین خواب سے واقف
ہین پیچ و غم و رنج و تب و تاب سے واقف

ردیف قاف

٣٤٦

گھر کیسے کیسے دین کی بزرگونکے ہین خراب
القصہ ہی خرابہ کہنہ دیار عشق

ہو ضبط کرتے ہو وین جراحت جگر کے زخم
روتا نہیں ہی کھو کے دل رازدار عشق

مارا پڑا ہی دانش ہی کرنے مین رنز میر
ہی دور گرد دام کے وحشت شکار عشق

ردیف کاف

وحشت تھی ہمین بھی ہی گھر بار سے اب تک
سر مارے ہین اپنے در و دیوار سے اب تک

مرتے ہی سنا ان کو جنھین دل لگی کچھ تھی
اچھا بھی ہوا کوئی اس آزار سے اب تک

جیسے لگی ہین آنکھین کھلی راہ تکے ہین
سوئے نہ دید ساتھ اسکے کبھو یار سے اب تک

آیا تھا کبھو یار سو مامول ہم اسکے
بستر پہ گرے رہتے ہین ہمارے سے اب تک

بد عہدیون مین وقت نہ آتا ابھی دو گھنا
وعدہ نہ ہوا ایک وفا یار سے اب تک

ہو قہر و غضب دیکھ طرف کشتی کے ظالم
کرتا ہی اشارت بھی تو تلوار سے اب تک

کچھ رنج دلی میر جوانی مین کھچا تھا
زردی نہیں جاتی مرے رخسار سے اب تک

رہا پھول سا یار نزہت سے اب تک
نہ ایسا کھلا گل نزاکت سے اب تک

لبالب ہی وہ حسن معنے سے سارا
نہ دیکھا کوئی ایسی صورت سے اب تک

ردیف کاف فارسی

[illegible]

کیا چلے جاتے ہین جہان سے لوگ	مگر آتے تھے مہمان سے لوگ
تھہر جو بات بات پر گالی	جان بلب ہین تری زبان سے لوگ
شہر مین گھر خراب ہی اتنا	آتے ہین یان اب اس نشان سے لوگ
ایک گردش مین ہین برابر خاک	کیا جھگڑتے ہین آسمان سے لوگ
درد دل ان نے کب سُنا میرا	لگے رہتے ہین اسکے کان سے لوگ
یاد سے بھی لچک بہت ہو گئین	ہم ہی سنبری دھان پان سے لوگ
شوق مین تیرے چلے اُدھر	ہم خمیدہ قد ان کمان سے لوگ

آدمی اب نہین جہان مین میر
اُٹھ گئے اس بھی کاروان سے لوگ

ردیف لام

بلبُل نے کل کہا کہ بہت ہی کھائے گل	لیکن ہزار حیف نہ ٹھہری ہوائے گل
رعنا جوان شہر کے رہتے ہین گل بسر	سر پر ہمارے داغ جنون کی ہی جائے گل
دل پوشی پہ مرغ چمن کی نہ کی نظر	بیدرد گلفروش سبد بھر کے لائے گل
حیف آفتاب مین لیس دیوار باغ ہین	جون سایہ واکشیدہ ہوئے ہم نہ پائے گل
بوی گل و نوائے خوش عندلیب میر	آئے چلے گئے بھی جو کچھ تھی وفائے گل

ای میر اسی ہی نسبت کن حلقہ حلقہ موسی
بیتاب کچھ ہی گا ہے پڑ پیچ سے گئے دل

حال تو حال زار ہی تا حال
دل وہی بیقرار ہی تا حال

بڑھتی ہی حال کی خرابی بروز
گرچہ کچھ روزگار ہی تا حال

خستہ جانی نے تنگ خلق کیا
پر اُسے مجھ سے عار ہی تا حال

حال فکر سخن مین کچھ نہ رہا
شعر میرا شعار ہی تا حال

حال مستی جوانی تھی سو گئی
میر اسکا خمار ہی تا حال

آنکھیں جالی سے ٹھہرتی نہین
شوقِ دیدار یار ہے تا حال

غم سے حال آنکھ خون دل سوکھا
چشم تر اشکبار ہی تا حال

کھچتا ہی اُسطرف ہی کو بے اختیار دل
دیوانہ دل بلازدہ دل بیقرار دل

سمجھا بھی تو کر دل کسی کہتے ہین دل ہی کیا
آتا ہی جو زبان پہ ترے بار بار دل

آزردہ خاطری کا ہمارے نہ کر عجب
اک عمر ہم رہا کیے ہین مار مار دل

وا شد فسردگی سے ترے اس چمن مین ہی
دل جو کھلا تو جیسے گل بے بہار دل

میر اسکے اشتیاق ہم آغوشی مین نہ پوچھ
جاتا ہی اب تو جی ہی رہا در کنار دل

کہہ سکے کون ہمسکو نا ہموار
کوفت سے کوفت اپنے دلپر ہی

اب تو ہین خاک سے برابر ہم
چھاتی کوٹا کئے ہین اکثر ہم

ابر کرتا ہی اب کمی سی میر
دیکھین ہین سوے دیدۂ تر ہم

تجا ہی غیرت عشقی سے گفتگو کو ہم
اگرچہ وصل ہی پر ہین طلب مین سرگردان

خموش دیکھتے رہتے ہین اسکے رو کو ہم
پہ وہم کار ہی جاتے ہین جستجو کو ہم

اب اپنی جانسے ہین تنگ دم رکے ہی بہت
جلاکے خاک کرے وہ کہ رکھے داغ کرے

ملا ہی دینگے تری تیغ سے گلو کو ہم
لگا دین آگ سے کیا اپنی گرم خو کو ہم

مرید پیر خرابات یون نہوتے میر
سمجھتے عارف اگر اور بھی کسو کو ہم

عشق بتوںنے اب کرینگے عہد کیا ہی خدا ہم
گریہ خونین ٹک بھی ہے تو خاکسی منہ پر اڑتی ہی

آجاوین جو یہ ہرجائی تو بھی نجاوین جا سے ہم
شام و سحر رہتے ہین یعنی اپنے لہو کے پیاسے ہم

سکی نہ پوچھو دیدہ مین ان نے پرسش حال ہماری کی
چپکے کیا انواع اذیت عشق مین کھنچی جاتی ہی

ہمکو دیکھو مارے گئے ہین آکر پاس وفا سے ہم
دل تو بھرا ہی اپنا تو بھی کچھ نہین کہتی حیا سے ہم

کیا کیا عجز کرین ہین لیکن پیش نہ کچھ جاتا میر
سر رگڑے ہین آنکھین ملے ہین اسکے حنائی پا سے ہم

ردیف نون

دل تو نہین قفس مین جا ہی جی ددرود یکھو تم
چاہ زنخ کو چاہ مین ہم ہال اسکی کو جال ہی

کبتک فرنگے لگرے جوڑون جگر کے ٹکڑون سے
سب نہین ہی پارہ دوری مین کوئی وصال نہین

ہی وضع کشیدہ کا جو شور اسکے جہان مین
نکلی ہی مگر تازہ کوئی شاخ کمان مین

ہر طور مین ہم حرف و سخن لاگ سے دل کی
کیا کیا کہین ہین مرغ چمن اپنی زبان مین

کیا باد نے بھی دست نظاول کو دیا طول
پھیلے پڑے ہین پھول ہی سب کی خزان مین

خوشرنگ ہی کس مرتبہ انہار کا پانی
خونناب مرے چشم کا ہی آب روان مین

روئے مرے احوال پہ جون ابر بہت میر
بیطاقتی بجلی کی سی ہی آہ و فغان مین

دلکے کہی بیدل کہلائے آگے دیکھئے کیا کیا ہون
مجزون ہوئے ہین مفتون ہوئے ہین مجنون ہوون سوا ہون

عشق کی رہ مین پانو رکھا سو رہنے لگے کچھ رفتہ سے
آگے چلکر دیکھین ہم اب گم ہوون یا پیدا ہون

خار و خس الجھے ہین آہی بحث انھونسے کیا رکھیے
موج زنان اپنی طبع روان ہی جب ہم جیسے دریا ہون

ہم بھی گئے جا گرسے اپنی شوقین اس ہرجائی کے
عشق کا جذبہ کام کرے تو پھر ہم زردن یکجا ہون

کوئی طرف یان ایسی نہین جو خالی ہووے اس سے میر
یہ طرف ہی شور جرس سے چار طرف ہم تنہا ہون

قطعہ

احراق اپنے قلب کا رونیسے کب گیا — پانی کی چار بوند ین ہین کیا احراق مین
تحصیل علم کرنے سے دیکھا نہ کچھ حصول — مینے کتابین رکھین اُٹھا گھر کے طاق مین
دم تا کمین لقول زنان عاشقو نکے ہین — ہلنا بلا ہی موتی کا اُسکی بلاق مین

اک نور گرم جلوہ فلک پر ہی ہر سحر
کوئی تو ماہ پارہ ہی میر اُس رواق مین

صبح ہوئی گلزار کے طائر دلکو اپنے ٹٹولین ہین — یا دین اُس خودرو گل ترکے کیسے کیسے بولین ہین
باغ مین جن ہم دیوانیسے جا نکلین ہین نالہ کنان — غنچے ہو ہو مرغ چمن کے ساتھ ہمارے ہو لین ہین
یار ہمارا آسان کیا کچھ سینہ کشادہ ہمسے ملا — خون کرین ہین جیب دلکو بند قبا کی کھولین ہین
مینہ تو بہی ہی شدتسے دیکھو اندھیری کیا ہی یہ — ایسے تنگ جو آتے ہین ہم دلکو لگکے رو لین ہین
رو دھوبی کا گم ملتا ہی میل دل اپنی پر ہی بہت — کوئی کہے اس سے ملتے ہین تجکو کیا ہم دھو لین ہین
سرو تو ہی سنجیدہ لیکن پیش مصرع قد یار — ناموزون ہی نکلے ہی جب دل مین اپنے تولین ہین

مرگ کا وقفہ اس رستے مین کیا ہی میر سمجھتے ہو
ہارے ماندے راہ کی کم ہین لوگ کوئی ہم سو لین ہین

غزل میر کی کب پڑھائی نہین — کہ حالت مجھے غش کی آئی نہین
زبان سے ہماری ہی صیاد خوش — ہمین اب امید رہائی نہین

دیار حسن مین دلکی نہین خریداری
حساب پاک ہو روز شمار مین تو عجب
گذر ہی عشق کی بیطاقتی سے مشکل آہ
جہانکے باغ کا یہ عیش ہی کہ گل کے رنگ

وفا متاع ہی ابھی پہ یان کی تاب نہین
گناہ اتنے ہین میرے کہ کچھ حساب نہین
دلونکو چین نہین ہی شبونکو خواب نہین
ہمارے جام مین لوہو ہی سب شراب نہین

تلاش میر کی اب میکدونمین کاش کرین
کہ مسجدونمین تو وہ خانمان خراب نہین

ہمکو کہنے کے تئین بزم مین جا دیتے ہین
ان طیورونسے ہونمین بہی اگر آتی ہی صبا
گرچہ ملتے ہین خنک غیرت سے ڈر کے
دیر رہتا ہی ہمالاش پہ غم کشتونکے
اس شہ حسن کا اقبال کہ ظالم کے تئین
دل جگر ہو گئے بیتاب غم عشق جہان
کیونکی اس راہ مین یہ کہیے کہ صاحب نظران
ملتے ہی آنکھ ملی اسکی تو برہم ہے تہ
طرفہ صناع ہین ای میر یہ موزون طبعان

بیٹھنے پاتے نہین ہم کہ اٹھا دیتے ہین
باغ کے چار طرف آگ لگا دیتے ہین
دل جگر دونونکو اک لخت جلا دیتے ہین
استخوان انکے جلے کچھ تو فرا دیتے ہین
ہر طرف سیکڑون درویش دعا دیتے ہین
جی بھی ہم شوق کے مارونکو دعا دیتے ہین
یانسے وان تئین آنکھین ہی بچھا دیتے ہین
خاکمین آپکو فی الفور ملا دیتے ہین
بات جاتی ہی بگڑ بھی تو بنا دیتے ہین

ہم جو دیکھین ہین تو وہ آنکھ چھپا لیتے ہین
کچھ تفاوت نہین ہستی و عدم مین ہم بھی
اٹھکے باب قافلہ رفتہ کو جا لیتے ہین
نازکی ہای کاری طالع کی نکوئی سے بھی
پھول سا ہاتھ نہین ہم اسکو اٹھا لیتے ہین
صحبت آخر کو بگڑتی ہی در اندازی مین
کیا در انداز بھی اک بات بنا لیتے ہین

کہین دل کے مرغان گلشن سے کیا
کہ بے حوصلہ ہم کو رسوا کرین

کھبا عشق کا جوش دل مین بھلا
کہ بدنام ہووین جو سودا کرین

بُری حال اُسکے گلی مین ہین میر
جو اُٹھ جائین وان سے تو اچھا کرین

بجر مین روتا ہون ہر شب مین نقش اُس صحن زمین یان
وے اندھیری مینہ برسی جو کبھو شد نسیمان

کسقدر بیگانہ خو ہین مردمان شہر حسن
بات کرنا رسم عادت ہی نہین الفت سے یان

[illegible] گئے ہین جب سے ہم سونا پڑا ہی باغ سب
شور ہنگام سحر کا مہر ہی مدت سے یان

[illegible] کوئی پھوڑے محبت مین تو بارے اسطرح
مر گیا ہی عشق مین فرہاد جس قدر سے یان

دلکشی اس بزم کی ظاہر ہی تم دیکھو تو ہو
لوگ جی دیتے چلے جاتے ہین کس حسرت سے یان

سو تو نسے خاکدان یہ عالم تصویر ہی
بولین کیا اہل نظر خاموش ہین حیرت سے یان

فہم حرفو نکی تنافر کا بھی یاروں نکو نہین
اسیہ رکھتے ہین تنفر سب مری تربت سے یان

[illegible] روزہ عمر کرے عاشقی یا زاہدی
کام کچھ چلتا نہین اس تھوڑسی مدت سے یان

کیا سر جنگ و جدل ہو بید ماغ عشق کو
صلح کی ہی ہم نے ہفتاد و دو ملت سے یان

[illegible]اغ فراق سحر کیا پوچھو ہو آگ لگائی سینے مین
چھاتی سے وہ منھ نہ لگا ٹک آکر اس بھی مہینے مین

ردیف واو

چاہت میں اس ماہ کے مرنیکی شایستہ ہوئے — جا بھی چکی ہے دل کی ہوس اب جینے کا ارمان نہیں

شور نہیں یاں سنتا کوئی میر قفس کے اسیروں کا
گوش نہیں یوا جین کے گل کے شاید کان نہیں

یوں ناکام رہینگے کبتک جی میں اک کام کریں — رسوا ہو کر مارے جاویں اُسکو بھی بدنام کریں
گذرا ہو دوسرے غم دل کی بجا
دوست گذارا ہو
حبیب کہ حبیب گذرا

۴۷۳

ہم پہ ظہور سے بہ تشبیح کھون سا گرد ان
سبحان اللہ

تمام شد مستزاد

مستزاد ہندی

دلی میں بہت سخت کی ابکی گذاران	دلکو کر سنگ
غیرت نہ رہی عاقبت کار نہ شان	کھینچا یہ تنگ
یاروں مین نہ تھا کوئی مروت جو کرے	اُجڑے تھے گھر
تا تد نظر صاف پڑے تھے میدان	عرصہ تھا تنگ
ٹک میزبانے سے نہ کر قال مقال	بس اب چپ رہ
ہر چند خموشی گو کو وبال	ایذا ہی سہہ
ایسا نہین یہ قصہ کا ہش افترا	جو ہو آخر
اٹھ سوئی ہو چکا ہے پچھلونکا حال	آگے مت کہہ
ہستی کا یہ ہنگامہ تمام اسکا ہے	اتنو ہے وبال
شہرت کہ جواب جہان پر جا ہے	سو وہم و خیال
جھوکے مین اڑے بعد فنا کے جب اب	تب ہیچ ہے سب
پھر نام سوا جہا نہین رہتا کیا ہے	عنقا کے مثال
منعم جو بھی ترے بناتے گھر در	تھا عہد شباب
بیری میں بنا دہر پہ رکھتا اکثر	ہے کچھ بھی شباب

کیا کرے کوئی کہ ہے صفت اللہ
نہین ہے بے نہین یہی ہے بیان
شان ارفع ہے اپنے صاحب کی
کلام کر سکے نہین قیاس و گمان
ہے جہان رتبہ و حجاب اسکا
عقل کا درک وہان ہے کیا امکان
خوگر اس نام لینے سے جو نہین
حیف صد حیف رہ وہان و زبان
دو نون یکتا ہیں ذوالفقار و علی
ایسی شمشیر ہے نہ ایسا جوان
سب میں جوان منزلت اسکی
قدر اسکی کہان سے کہان
ما ہم علی کو خدا نہین جانا
پر خدا سے جدا نہین جانا

ہی علیؑ مدعا علیؑ مقصود
وہی مشہود ہی وہی موجود

ہی علیؑ وہ کہ سارے صاحبدل
لیتے نام اُسکا بھیجتے ہین درود

کیا زمین کیا سپہر کیا مہ و مہر
کی علیؑ کے لیے سبھون نے نمود

جمع رکھ دل علیؑ سبب ہوگا
کیا ہی اسباب اگر ہوئے مفقود

بندگی کے مقام مین معلوم
ہی یہ صاحب ہمارا تو معبود

مصطفیٰ مرتضےٰ خدا ہی ایک
لیک آگاہ راز ہین معدود

جھک ہی جاتے ہین سرسن اسکا نام
یعنے سب اُسکو جانتے ہین مسجود

حشر ہوگا علیؑ کے ساتھ اپنا
کیا ہی وان کا ہمین غم بہبود

عندیہ اپنا اپنا ہی اے شیخ
گوش کر اُسکو تو اچھل یا کود

ہم علیؑ کو خدا نہین جانا
پر خدا سے جدا نہین جانا

گاہ بیگاہ کر علیؑ خوانی
ہی علی وانی ہی خدادانی

میر کا اُسکے رہ سر آشفتہ
ہی ولائے علیؑ مسلمانی

فرش راہ علیؑ کر آنکھون کو
یون بچھا تو بساط ایمانی

مور بے زور ہو علیؑ کا تو
کہ جہان مین کرے سلیمانی

خاک در ہوشہ ولایت کا
یونہین وزریرہ دست جود اُسکا
صاحب ایسا ہی ہو تو صاحب ہی
ہمسے بندون کی ورنہ کیونکہ نبھے
کچھ محبون کا معتقد مت پوچھ
شان سے کہتے ہین محیطِ کل
تو موالی علیؑ پرست نفیر

شاہیان لیگئے یا لسے فقیر
جیسے برسے ہی کوئی ابر مطیر
گنہ آمرزا ورعذر پذیر
دمبدم جس سے ہوتی ہی تقصیر
ہی علی ہی ہُوَ العلی کبیر
قدر سے قادر و خدا سے قدیر
چاہے سو ہمکو کہہ لے اب امیر

ہم علیؑ کو خدا نہین جانا
پر خدا سے جدا نہین جانا

مخمّس در منقبت

ہادی علیؑ رفیق علیؑ رہنما علیؑ
مرشد علیؑ کفیل علیؑ پیشوا علیؑ
یاور علیؑ محمدؐ علیؑ آشنا علیؑ
مقصد علیؑ مراد علیؑ مدعا علیؑ
جو کچھ کہو سو اپنی تو ہا مرتضی علیؑ

نور یقین علیؑ سے ہمین اقتباس ہی
یوم التناد مین بھی علیؑ ہی کی آس ہی
ایمان کے علی کے دلا براساس ہی
بیگاہ وگاہ ناد علی اپنے پاس ہی

تھا بزم لامکان مین بھی رونق فزا علی

خواہش مدد کی غیر سے ہی یہ خیال خام ‖ کرتا ہی کب قبول اُسے عاجز تمام
کافی ہی دو جہان مین ہولے میرے نام ‖ لاریب اُسپہ آتش و دوزخ ہوئی حرام

اکبار بھی زبان سے جن نے کہا علی

پھرتا قدم ثبات دل جھلکی ادب ‖ صورت پکڑ کے سامنے آیا تھا الطف رب
ظاہر ہوسکے ظہور جہان مین عجب عجب ‖ محراب مین نہ گرم بکا تھا کدام شب

ہنستا رہا نہ کونسے روز غزا علی

عنتر کو نار خشم نے اُسکی جلا دیا ‖ اژدر کو چیر ایک ہی دم مین کھپا دیا
خورشید کو نکال دوبارہ دکھا دیا ‖ ہنگامہ کفر و شرک کا آکر مٹا دیا

تھا جانشین ختم رسُل کا بجا علی

گو چشم دل کھلے نہ کسی روسیاہ کی ‖ اُس تک مجال کب ہی کسو کی نگاہ کی
اللہ رہی بلندی تری قدر و جاہ کی ‖ مر مر کے جبرئیل نے دربان سے راہ کی

شاہا ملک سپاہ جہان صفا علی

دشمن کو آگہی ہی کما نیینے کمان ‖ قدرت ہی اسکی قدرت حق ہوئی ہی عیان
زور آوری مزاج مین آوے تو الامان ‖ کچھ بھی نہین ہی پھر یہ جوب کچھ ہی درمیان

بہت ہی گرچہ ہنگامہ ولے زین العبا بس ہی

بلا باقر کی فرض عین ہی حیدر پرستی ہین	جیا کر نام کو اسکے تو ہشیاری و مستی ہین
غرض رہ محو اسکا دشت مین ہو تو کہ بستی ہین	عجب ہی نونہال اک سایہ ارا سن باہم ہستی مین

کرم اسکا پئے ہر شخص بے برگ و نوا بس ہی

محبت چاہیے صادق جناب پاک جعفر مین	اسی کا شوق دلمین ہو اسیکا شور ہو سر مین
وہی ہان بھی ہی تشنہ تھا جو کچھ ساقی کوثر مین	عنایت کی اسی سے چشم رکھو آشوب محشر مین

بلا صد رنگ ہوویے کیون نہ ایک اسکی ولا بس ہی

کئے کاظم کہ جو سر بر غم و غصے سے کیا اسکو	نہ دیکھے یہ امام دین بلا مین مبتلا اسکو
ایک چشمک زون حاصل ہوا یہ مرتبہ اسکو	کر رکھے کفش جسکے سر پہ دیکھو بادشا اسکو

توجہ گوشہ مولے پئے ہر مدعا بس ہی

ہے اک مجلس کی رایان زین بہرہ ہر ایمان سے	اسے اک بند کی خاص ہی شاہ خراسان سے
نمکسان چشم سے آتی ہی خلق ایران و توران سے	گذر جانے مین اسکے نام پر بخشش ہی جان سے

جو سودا اس سے بن جائے تو ارضی رضا بس ہی

جو وہ دن ہو کہ نکلے آفتاب اب فرق چیم سے	مو کل درمیان لاوین سخن جنت جہنم سے
کرین پرسش بد و نیک عمل کی خلق عالم سے	مخاطب ہم کسو سے ہون یا رب کوئی ہم سے

مخمس در منقبت علی ابن ابیطالب

زور و ثبات و تاب و توان مرتضیٰ علی

ابدگاہ خورد و کلان مرتضیٰ علی

مقصود خلق و خواہش جان مرتضیٰ علی

جو کچھ ہو سوا ہی یقین ہان مرتضیٰ علی

ذکر روان در دزبان مرتضیٰ علی

اسکی ولا ہی باعث بہبود کائنات

اسکی ولا ہی شرط بری ہی پئے نجات

لیا کیا نمود کیجئے ہیں اسنے عجائبات

دا ہو جو چشم دل تو تماشا ہی اسکی ذات

یکتا ہی

یکتا ہی عرصۂ دو جہان مرتضےٰ علی

ہر چند کام ایسی جگہ کیا کرے سمجھ — اس راز کو سمجھ جو سکے تو ارے سمجھ
یعنے نہ ذات پاک سے آگاہ دے سمجھ — عقل نخست سے بھی اسے کچھ پرے سمجھ

ہی آنسوئی خیال و گمان مرتضےٰ علی

موجود اسکے ہونے سے روشن جہان ہوا — اس پر دیکھین جو تھا پس پردہ عیان ہوا
قربان شاہ بحر و بر اُنپر روان ہوا — پیر زمانہ دیدۂ عالم جوان ہوا

چشم و چراغ کون و مکان مرتضےٰ علی

شخصیت ایسی کسکی تھی کسکو تھا یہ شرف — اسقدر ساتھ کون بغیر از شہ نجف
اللہ رے زور کوئی نہ آسکا ہوا طرف — دریائے موج خیز تھا اسکے گرد کا کف

ابن عم رسول زمان مرتضےٰ علی

ہر چند ہی یہ عرصہ ہمیشہ سے پر غبار — یاران رفتہ کی بھی تردد ہین یادگار
لیکن کہان یہ حربے کہان ایسے مرد کار — نکلے نہ ویسی تیغ کہ جیسی تھی ذوالفقار

دیکھا نہ تھا وہ جیسا جوان مرتضیٰ علی

پامال راہ اسکے ہین سرہائے پر غرور — نزدیک اہل عقل کے رتبہ ہی اسکا دور
شائستہ سجود سمجھتے ہین ذی شعور — ہی جملہ تن منزہ و سرتا قدم ہی نور

اس زمانہ مین آہ کچھ ہی عظیم — ہی مری جان پہ عذاب الیم
مستحق کرم ہون مین تو کریم — ملتفت ہو بہت ہی حال سقیم

میرے ہر درد کی دوا ہے تو

فرصت وقت جون حباب ہی کم — حال مانند موج ہی درہم
ڈوب جاتا ہی جی مرا ہر دم — جوش زن گو کہ ہو محیط غم

غم نہین کچھ جو آشنا ہی تو

تجھ سے ظاہر ہوئے یہ سب بھید — جلوہ تیرے ظہور کا جاوید
ذرّے ذرّے کو تجھ سے ہی امید — دن ہی طالع ہوا جہان خورشید

سب پہ روشن ہی کیا چھپا ہی تو

میر کو کب تلک یہ رنج و غم — اس بھی اندوہگین کو کر خرم
منبسط ہی ترا سحاب کرم — یعنے سایے مین ہی ترے عالم

سارے عالم مین چھپ رہا ہی تو

مخمس در منقبت

ہی حقیقت سے تو اگر آگہ — یاد مین روز و شب علی کی رہ
کعبہ اُسکا ہی در ہی اے ابلہ — میر مولے کی ذات پاک ہی وہ

منقبت خوانی سے میری سب پہ ہین سن
حیدری ہون حیدری ہون حیدری
مدعی اس کان یا اُس کان سن
حیدری ہون حیدری ہون حیدری
شوق کامل سے تعجب ہے یہ کیا
جو بدن ہو خاک سب بعد فنا
برگ برگ اسکا کرے یہ صدا
حیدری ہون حیدری ہون حیدری

ہے وہ امید گاہ خلق خدا
وہ مروت شعار وجملہ حیا
روز محشر اُسی سے سبکو رجا
بحر ذخار جود وکان عطا
اُس سے نفع گدا تمتع شہ

مرتبہ کچھ نہ پوچھو اس گھر کا
شاہ جبین پیش دست قنبر کا
بندگی یان کی فخر قیصر کا
آسمان ہے گدا اسی در کا
دیکھتے ہین ادھر ہی مہر و مہ

اُسکی ہمت اسی کو بن آوے
بار اس در پہ جو گدا پاوے
دولت اُسکی جہان سے سب کھاوے
ایک آواز کرکے لیجا وے
مال واسباب وملک وتاج وکلہ

میر عازم ہوئے ہو کیدھر کے
رہگرا دوستی حیدر کے
جو تلاشی ہو یار و یاور کے
نہین محتاج ہوتے رہبر کے
ہے اسی راہ مین خدا ہمراہ

مخمس در منقبت

قدر کو میری بہت ہے برتری
حکم بزرگے ہے یان شیر تری
کب مری خورشید سے ہو ہمسری
گر مخالف سوچ کر ٹک از دری

حیدری ہون حیدری ہون حیدری

اے مخالف بحث مت کر نابکار
بس کہا اس آستان کا ہون غبار
بات ایسی سے ہی مجھکو ننگ و عار
کیا کہا تجھسے کرون مین بار بار

حیدری ہون حیدری ہون حیدری

شیخ کو نسبت نہین تجرید سے
سب عقائد ہوتے ہین تائید سے
ہی یہ خر جکڑا ہوا تقلید سے
گو کہا ان نے مری تقلید سے

حیدری ہون حیدری ہون حیدری

اس عقیدے ہی پہ اپنے مین رہون
بے ولا حیدر کے ہونہین تو نہون
گو خوارج کے ستم اسمین سہون
لب ہین جبتک بس یہی تب تک کہون

حیدری ہون حیدری ہون حیدری

اب ہوا پیری سے گو مین مضمحل
شوق میرا کچھ نہ تھا بصدق دل
ورنہ تھا یہ شور تا چین و چگل
رات دن رہتا تھا کہتا متصل

حیدری ہون حیدری ہون حیدری

اے مرے سرمایۂ ہر دو جہان
ہوا اگر تن پر مرے ہر مو زبان
عشق تیرا ہی مرے ہمراہ جان
بیگمان سرزد ہو یہ ہی ہر زمان

حیدری ہون حیدری ہون حیدی

جو رانواع دشمنون کے سہ — پھر نہ کریار گفتگو بے تہ
دوستی مین علے کے بخیو درہ — بات یہ ہی گی اور کچھ مت کہہ

یا علی یا علی کہا کرتو

اسم یہ ایک جو مکرم ہی — سب کے نزدیک اسم اعظم ہی
یہ سب اوراد پر مقدم ہی — غرض اے ہمنشین جو آدم ہی

یا علی یا علی کہا کرتو

رہ ولاے علی کا خواہشمند — ہی یہ شیوہ خدا رسول پسند
دب کے ہرگز نہ رکھ زبانکو بند — پست کرنے کو مدعی کے بلند

یا علی یا علی کہا کرتو

بدر آسا علی تمام ہی نور — ذات پاک اسکی ہی علیم صدور
بھول مت اسکو گر تجھے ہی شعور — یاد خاطر رہے ضرور ضرور

یا علی یا علی کہا کرتو

سونپ رکھ اسکو اپنی موت و حیات — رحمت صرف ہی علی کی ذات
بس ہی اسکی ولا براے نجات — باتین یون سو ہین پر یہی ہی بات

یا علی یا علی کہا کرتو

تقصیر ہی بوالہوس کی اور سنت	مارا جاتا ہون درمیان مین
لکھا بھی نہ تیغ کھا کے بارے	فارغ ہوا دیکے امتحان مین
ای طفل کہے گا بعد میرے	مارا کاہے کو یہ جوان مین
ہون مین تو چراغ اخیر شب کا	کوئی دم کا ہون میہمان مین
دلسوزی مری کرائے صبا ٹک	ہونے تئین صبح کے کہان مین
رونے ہی کو رونا ہی گا ناصح	پھرتا ہون دربارے خانمان مین
کوئی نہین شہر غم مین میرا	بیچارہ غریب ہون نگایان مین
غم کہہ کے رولاتا ہونہین سکو	تجھ غم مین ہوا ہون قصہ خوان مین
پائی نہ وفا کسی مین دیکھا	غربال تمام کر جہان مین

یارے مین یہ سب دیار دیکھا
ہر کوچہ کو بار بار دیکھا

شب ہی عالم مین ہو گئے تھے	اپنے دل کا غبار دیکھا
آنکھین گئین روتے روتے لیکن	تونے نہ ادھر کو یار دیکھا
اب وعدہ نکر زیادہ سب ہم	جانان ترا اعتبار دیکھا
کہتے تھے یہ ہم نہ کر تمنا	اے جان امید وار دیکھا

ہی بندہ نواز ظلم مجھپر
گو موسم وے خنک ہو مجھ سے
ٹک دیکھ فلک نے شاہ خوبان
سر ہیچ سو عشق مین رکھے پا
ہاتھ نہین مرے ہین داغ خوبان
کیا تجھ سے کہون معاش اپنی

ہم نالہ نہ کر تو مجھکو نے سے
دل گرمی ہی مجھکو زود مے سے
کیا کچھ کیے خاندان سے کیسے
واقف نہین دل تو یا نکنے ریسے
کہتے ہین کر اس کنے ہین پیسے
یارے گذرے ہو جیسے تیسے

رہتا ہی غرض ہمیشہ سودا
کوچہ کوچہ ہوا ہون رسوا

وہ تشنہ دہن ہون دل جلا ہون
کہتے ہو جسے فلک ہوا ہی
کھلتا تو سہی کبھی بلا ہے
اب جان سے جاتا آرہا ہی
ہو جسکی خراب عاقبت بھی
مین ہون کہ سر آمد جنون ہون
وہ خستہ ہو نہین ہی جسکو کیسے

لب جس جسکا ہو وے دریا
میرے ہی غبار دل سے پیدا
دل میرا ہی کاش غنچہ ہوتا
موقوف اشارۂ تقاضا
وہ مین ہون کہ چاہتا ہون دنیا
مجنون کو خلیفہ مین کیا تھا
رونق افزاے کوہ و صحرا

اک روز چنانچہ ہول دل سے | اندوہ تنگ مجھے ہوا تھا
لو ہو ویا اپنے دوستون نے | جس جا گرا عرق گرا تھا
ہون اب جو بلا مین مبتلا مین | بیگانہ ہی جو کہ آشنا تھا

یہ رنج و بلا و درد و محنت
ای وائے حواس و صبر و طاقت

ادھر بھی کبھو ٹک ایک چشمک | ہم سے بھی ضرور رہی مروت
مست فرصت وقت سے ہو غافل | آخر کو نہ کھینچے تا خجالت
ہر آن مین اپنی تربیت کر | دیتا ہی زمانہ کسکو فرصت
غیر دن کے رہوگے دیر تک تم | ہمکو تو سویرے کرئیے رخصت
کیا تمسے کہین سلوک ہجران | دل مین نہ رکھے ہماری حسرت
قطرہ تو ہی پر نہ ہاتھ اٹھاؤ | دریا کو کرے رہی یہ کفایت
خالی دل پر کو، ہم بھی کرتے | افسوس ندی اجل نے فرصت
بس میرا ہو تو کرون منادی | کوئی نہ کرے کہین محبت
گردن مارین شتابی اسکو | رکھے جو کسی سے میر الفت

عمر گذری ہو چکا آسودگی کا روزگار | رنج و محنت کے تئین آرام سے ہو ننگ و عار

وصل خاطر خواہ معلوم تھا میرے تئین	آس دلکو لگ رہی تھی جبتلک تھا مین جدا
گاہ باشد رحم کو بھی رحم فرماوے وہ شوخ	دیکھ مجھ ناکام کو یکدم کرے ترک جفا
ایکساعت پاس بیٹھے درد دل میرا سنے	کر کے غمخواری کہے یہ تیرے تئین کیا ہوگیا
سوتو یہ سب جیکا ہو کا نکلے ماننا نہ تو	ایسے آجانے کا تیرے کون یان مشتاق تھا

آمدی وحسرت وصل از دلم برداشتے
حسرتی بود از وصال آن ہم ہمین نگذاشتے

ہین خرابے آج جتنے کل یہ تھے گونگو گھر	مست بنائے خانہ مین منعم رہا کر اسقدر
طاق کسری تو سنا ہوگا کہ کیسا تھا محل	اب کہین اس طاق کا کسری کے پیدا ہی اثر
گھر کا صاحب تو اڑا یا کر کے یکسان خاک سے	اینٹ مارین اینٹ سی یہ کچھ ہوا اس گھر اوپر
خط باطل سے لکھا ہی صفحہ کون و مکان	کیون دماغ اتنا جلاتا ہی رہے ہی تو کدھر
کیسے کیسے خانوادے خاک مین یان مل گئے	جاے عبرت ہی یہ معمورہ جہان کا بیخبر

ہر کجا افتادہ بینے خشت در ویرانہ
ہست فرد دفتر احوال صاحب خانہ

کم بہت سننے مین آتا ہی کوئی رنجور ہی	یا کسی مجروح کا زخم جگر ناسور ہی
روشنی آنکھونکی ہی منظور سارے خلق کو	قوت دل کا جدھر دیکھو تدھر مذکور ہی

مجھے ہیں دیکھ تماشے کا کیا جھیتا ہون نصیب لطف نہ باقر کا ہو جو چھوٹا ہون	خدا نے دین میں مجھے آنکھیں کیا ہین دہا دو چار حشر میں آفت سے ہو جن ایسا ہون
امام پنجتن اس اپنے پیشوا کی قسم	
جو روز دو ہو نظر مین تو صبح و شام کی سون کلام ہو کسی سے تو مجھے کلام کی سون	پڑا ہو پاؤن کہین تو ترے خرام کی سون جو سات پانچ ہو جیمین چھپے امام کی سون
غبار رہ ہون ترا اُسکے خاکپا کی قسم	
کرے ہی لطف جو تو تمسے بحال آتا ہون ترے ہی واسطے یہ غم یہ غصہ کھاتا ہون	وگرنہ آپ سے مین لمحہ لمحہ جاتا ہون گواہ دعوی کا کاظم کو اپنے لاتا ہون
سچ اُسکو مان تجھے اُسکی ہی دلا کی قسم	
جو تجھکو خوش نہین پاتے تو جان کھوتے ہین کبھو ہزار آٹھ پہر مین ٹک ایک ستے ہین	ہلاک ہونے پہ تجھ ہی ہمارا ہی ہوتے ہین ہمیشہ رات کو آٹھ آٹھ آنسو روتے ہین
امام ضامن ثامن علی رضا کی قسم	
گدائے در ہون تقی کا نقی کا ہون مملوک طریق مہدی ہادی کا رکھتا ہون مسلوک	رکھون ہون عسکری کے لطف سے امید سلوک جہانکے لوگ ہین مفلوک سارے دو دن ملوک
قسم جو کھائیے ان چار بادشا کی قسم	

لے جو کچھ اُس سے ایسا ویسا ہو
کہتا ہو دون جو پاس پیسا ہو
ورنہ کیا دخل کوئی کیسا ہو
ہوتے جو دے نہ ایسا تیسا ہو
خلق ناحق ہو میرے جیکا وبال

ایک عمدہ کی ہان ہو اہل کار
سو یہ ٹرچو دا ایسا خوش اقرار
فوج کے لوگون کا سب اسپہ مدار
کہے ہر اک کو دینے سو سو بار
پھر نہ دے جز فریب تا دہ سال

یا تھینون تلک رہے روپوش
لوگون کرتے پھر نہ جوش و خروش
یا ملے ہو تو بیجواس و ہوش
یہ کچہری مین بیٹھا ہو خاموش
زرد رو بیچیا ہو گویا لال

جبسے یہ ہو محرر دفتر
ہووے پر جب جا جو دے کسو کو زر
تب سے ہنگامہ ہی رہا اکثر
سو یہ پٹی پڑھا نہین ہو لچر
سب سے اُسکو ہو ایک جنگ و جدال

لات ملی ہو گہ رہیلون سے
کم نہین ہو کچہری میلون سے
دھول جھکڑ ہو گاہ چیلون سے
آتے جاتے ہین لوگ ریلون سے
نکلے ہو تیغ کھڑکے ہو وان ڈھال

کمر باندھ کر گئے دربار ... وہ ہوئی گرم جستجوی یار
...نے دروازہ پر لگی سو بار ... سر پہ رکھ بانکی پگڑی کھڑکی دار
پھر ہوئے پیر وہ جوان فی الحال

...خمیست نزد مخلب کے تئین ... ساتھ لیجائے گھر ہین سب کے تئین
...ربے پاس جور و شب کے تئین ... نہ تو پاتے ہین اسکے ڈھب کے تئین
نہ سمجھتے ہین اسکی چال کی چال

قصہ کوتاہ بعد چندین ماہ ... مری اس بگھڑے پر ہوئی تنخواہ
...بانے آدم لگا کہہ تو بے گاہ ... یہ تو مغرور ہے تہ دگمراہ
مفتری کاذب و سفیہ و ضلال

...سا مجھکو بھی سمجھ کے فقیر ... رکھنے وعدون ہی میں لگا ہے پیر
...جانا نہیں ہے اسکی نظیر ... اسکو جانے ہے بادشاہ و وزیر
دور تک پہونچیگی یہ قیل و قال

...لی خاطر کھینگے خورد و کلان ... سعی اسمین کرینگے عمدے بجان
...ست اسکو کہتے ہین پیر و جوان ... لے گا منت علی محمد خان
رکھنا ان پیسون کا ہے کسکی مجال

باز آتا نہین ہی نفس شوم	ورنہ کس سے اُٹھے ہی ایسی دھوم
ہر سحر روزہ والون کا ہی ہجوم	ہو تمھین حال یان کا کیا معلوم

تم تو سو نٹا لیے کرو ہو سوال

ایک دن جا کیا نفر نے شور	اُن نے دیکھا نہ مطلق اسکے اور
ہو غرض صحبت اپنی اسکے زور	وہ تو مچھڑ کی جھول کا ہی چور

مین بھی کھینچونگا خوب اسکی کھال

اسپ تنخواہ جو کہ کر لاوے	سو وہ اپنا کیا ہی بھر پاوے
پا شکستون کو برسون دوڑاوے	ایسے سے ہاتھ خاک کیا آوے

جس سے دل ہون تہ غبار ملال

بدزبانی نہین ہی اتنی خوب	بات اچھی نہین ہی بے اسلوب
گفتگو اسطرح کی ہی معیوب	مل رہے گا جو کچھ کہ ہی مطلوب

بس قلم اب زبان اپنی سنبھال

بیخودانہ ہین کئی حرف زبان ہر گر گوش	آج کہتا ہون کہ ہی خمکدہ دلمین جوش
پای رفتن تو نتھے لیک مجھے تھا کچھ ہوش	سر خوش از کوی خرابات گذر کردم دوش

بہ طلبگاری ترسا بچۂ بادہ فروش

مخمس

آتش مے سے برافروختہ کچھ بادہ پرست دیدم از دور گروہی ہمہ دیوانہ و مست	۔۔جود و بیخبر و وست مے صاف است بیکدگر پاؤن کی لغزش کے سبب دبدست

از تف بادۂ شوق آمدہ در جوش و خروش

کاسۂ سر پہ ہوئے پھرتے تھے سارے فغفور بے دف و مطرب و ساقی ہمہ در عیش و سرور	گرچہ ظاہر تھا خراب انکا و لے سب معمور بے لباس طرب جامہ اندوہ سے عور

بے مے و جام و صراحی ہمہ در نوشا نوش

دیکھکر پہلے کیا مین نے تامل یکدم چون سر رشتۂ ناموس برفت از دستم	۔۔ام و ناموس کا دفتر تھا سب انکا برہم پھر جو دیکھا تو مجھے بدکہیگا کیا عالم

خواستم تا خبری پرسم ازو گفت خموش

یان فراغت ہی دو عالم کی ہر اک جام مین بند این خرابات مغان است درو مستانند	عقل رکھتا ہی تو ٹک ہیو ادب کا پابند یہ وہ جا ہے کہ فردوس ہو اسکے مانند

از دم صبح ازل تا بہ قیامت مدہوش

کیونکہ یہ زیست بہت ہووے تو وہ روز کہ نیست گر ترا نیز باین فرقہ سر یکرنگی ست	پیر ان مستو مین کوئی نہین پابستہ زیست ہست بے ہست نظر آتے ہین اب سب ہین نیست

دین و دنیا بیکی جرعہ عصمت بفروش

۴۹۱

دان ان نے دل کیا ہو مانند سنگ خارا
یا ان تن ہوا ہو پانی ہو کر گداز سارا
کیا پوچھتا ہی ہمدم احوال تو ہمارا
نے رمز نے کنایہ ایما ہی نے اشارا
اسکے تغافلون نے ان روزون ہمکو مارا

ہو ٹھہر یا کہ صحرا بارے مکان تو ہو
غم مین نہووے کچھ تو اکے تئین جان تو ہو
حالت تغیر ہو گر نہ منہ مین زبان تو ہو
سو بار دیکھ صورت ہو مہربان تو ہو
اپنے تئین نہین ہی کچھ اب گفتگو کا یارا

بر چشم تھی کہ تر کان اکثر سوار نکلے
ہملوگ انکے رہ کے گرد و غبار ہونگے
یہ جانتے نتھے ہم اسطور خوار ہونگے
اب کہتے ہین کہ یارب کیونکر دو چار ہونگے
اس بھی طرف کو ہوگا انکا کبھی گذارا

ہجر انہین ٹک نٹ بر جی کو داد زاغ مین ہم
بو ہی وفا نہ پائی دلمین نہ باغ مین ہم
مدت رہے اگرچہ گلگشت باغ مین ہم
پر لطف کچھ جو دیکھا سینے کے داغ مین ہم
اُس بن جو گل چنے تھے انکا کیا نظارہ

تشنے ہین اپنے خونکے ای ہمرہو نہ آؤ
ہووے طبیب گر خضر اُسکو بھی پانی لاؤ
اٹھا نے ہم سو ٹھانے گو ہمین جان جاؤ
آب بر ندہ اُسکی شمشیر کا پلاؤ
آب حیات تو اپنے جی کو نہین گوارا

غیب و شہود دونو نہین مشہود ہی تو ہو
حاصل کے دو جہان کا مقصود ہی تو تو

ہستی ہماری وہم ہی موجود ہی تو تو
مسجود تجکو جانے ہین معبود ہی تو تو

نا جی ہین وہی ہی لوگ جنھونکا ہی یہ یقین

احوال خوش اُنھونکا جنھین تجہ سی ہی ولا
آئینہ ہی کر دین کو تجہ سے ہوئی جلا

اعدا تو آسمان نے دیے خاک مین ملا
برپا وہی رہے گا جو تجہ تک ہی سلسلا

یارون نے جتنی رسمین بٹھائین تھین اٹھ لین

فتنے کو تیرے عہد مین سوتے گذر گئی
آفت کمان کر کے کنارہ بھی کر گئی

آشوب کے خطر سے ترے سدھ بسر گئی
آوازہ تیر اُسکے بلا جیسے مر گئی

یون مٹ گئے فساد کہ مذکور بھی نہین

وارد ہوا جو تو تو ملی بیکسون کی داد
اٹھے نہ گرد زندقہ و کفر پر عناد

تلوار مارنے سے ترے مٹ گئے فساد
زنار ٹوٹے پھرے جلیبت گئے برباد

برہم ہوئے گھڑی مین ہزارون بریکدین

ہنگامہ گرم یارون کے سب سرد ہو گئے
سر در نقاب خاک پڑے مرد ہو گئے

چہرے منافقونکے دو ہین زرد ہو گئے
جیسے تھا یہ غبار جہان گرد ہو گئے

گلو نہین بکر یونکے چھٹے شیر خشمگین

…تھا جہان مجھے سو بار دان گیا — ضعفِ قویٰ سے دست بیوار دانگیا
…کے نان کا طلبگار روان گیا — چارہ نہ دیکھا مضطر و ناچار دان گیا

اس جان ناتوان پہ کیا صبر اختیار

…پیکثالی کی سماجت مری گئی — نالائقون سے ملتے لیاقت مری گئی
…فت ہای شان شرافت مرگئی — ایسا پھرایا اُسنے کہ طاقت مری گئی

مشہور شہر اب ہون سبکسار بیوقار

…تھا مجھپہ تنگ اٹھا ہوکے نیمجان — پوچھا نہ مجکو یک لبنان سے کبھون نسیان
…ی پر بھی سیر کیا مینے سب جہان — آشفتہ خاطری نے پھرایا کہان کہان

برسون کا راز مجھ سے ہوا آکے آشکار

…مت میری ہو نہ سکے ایک امیر سے — عقدہ کھلا نہ دل کا دعاے فقیر سے
…ہمیشہ آتے رہے سر پہ تیر سے — ہر چند التجا کی صغیر و کبیر سے

لیکن ہوا نہ رفع مرے دل کا اضطرار

…کی اپنے حال پہ شفقت سے یک نگاہ — نکلے ہر کس سے طور پر اپنے سخن کی راہ
…کوئی ہمسے کہ تم کیون ہو تباہ — اسلوب اپنے جینے کا ہو کسطرح سے آہ

ہم ایک ناتوان ضعیف اور غم ہزار

جتنے والے جو تھے ہوئے ہین فقیر
ہین معذب غرض صغیر و کبیر
تن سے ظاہر رگین ہین جیسے ...
مکھیان سی گرین ہزاروں فقیر
دیکھین ٹکڑا اگرا برابر ماش

شور مطلق نہین کسو سر مین
بھوکھ کا ذکر اقل و اکثر مین
زور باقی نہ اسپ و اشتر مین
خانہ جنگی سے امن لشکر مین
نہ کوئی رند ہی نہ کوئی اوباش

لعل خیمہ جو ہی سپہر اساس
ہی زنا و شراب بے وسواس
پالکین ہین رنڈیون کی اسکے پاس
رعب کر لیجیے ہین سے قیاس
قصہ کوتاہ رئیس ہی عیاش

جتنے یان ہین امیر بے دستور
پہونچنا اُن تلک بہت ہی دور
پھر بجنس سلوک سب مشہور
بات کہنے کا وان کسے مقدور
حاصل اسنے نہ دل کو غیر خراش

چار بچے ہین مستعد کار
ہین وضیع و شریف سارے خوار
دس تلنگے جو ہون تو ہی دربار
لوٹ سے کچھ ہی گر جے بازار
سو ہی قند سیاہ ہی یا ماش

بخشند ون جامہ تک جو ہو قدرت
دس روپیہ وون گدا کو بے مہلت
آٹھون آتے ہین خرچ یکساعت
مقتضی ہووے کب مری ہمت

صاحبان کرم کے تئین شاباش

ہو جوان لوگون مین گدا کا گذر
دیر کے بعد یہ کہین کسکر
سہم رہجائین سب دیکھین ادھر
شاہ جی لے خدا سبھون کی خبر

سو بھی یہ بات ہی پس از کنکاش

یارون کی جود کا بیان کیا ہی
آشکارا ہی سب نہان کیا ہی
وہم مین انکے بھی جہان کیا ہی
دیکھتے ہین کہین کہ یان کیا ہی

ایسی صحبت مین ہم نہوئے کاش

بس قلم اب زبان کو اپنی سنبھال
ہو کڈھب چرخ روسیہ کی چال
خوشنما کب ہو ایسی قال و مقال
مصلحت ہی کہ چپ رہیے ہو کر لال

فائدہ کیا جو راز کریے فاش

دستخطی فرد کا سنو احوال
ایک مشفق کو تھا ادھر کا خیال
بیدماغی ہی مین تو دیتی تھی ڈال
مہربانی سے ان نے کھوج نکال

شیخ جی کا ڑھے سو عجائب مال

لیکے میری تسلی فرمائی ۔ پھر نفر پاس اپنے رکھوائی

اور لگے کہنے رکھیے استقلال

فرد نواب کو دکھاؤن گا ۔ حال صاحب کا سب جتاؤن گا

ہی مقدر تو کر ہی لاؤن گا ۔ لیکے دفتر مین آپ جاؤن گا

آگے میرے کسے سخن کا مجال

قدر والا ہماری ہی معلوم ۔ خلق خادم ہی اور تو مخدوم

اس سعادت سے جو رہے محروم ۔ ہی یقینی کہ وہ الاغ ہی شوم

حشر کو ہوگا مرکب دجال

تم نبی فاطمہ ہو ہم ہین غلام ۔ ہی غلامی تمھاری اپنا کام

تمکو مسجود جانتے ہین انام ۔ تم سبھون کے ہو پیشوا و امام

تمسے سب کو نجات کا ہی سوال

بارے رخصت کیا بصد اعزاز ۔ اور کہا تم ہو خلق مین ممتاز

ہی تمنا کہ تمسے ہون دمساز ۔ دل ہمارا ہو کاش محو نیاز

کریے تم پر نثار جان و مال

شیخ نے کر سلوک حد سے زیاد ۔ قید اندوہ سے کیا آزاد

پھر یہ بولا کہ کیوں ہی تو پر ملال

ایک مدت بھی آج کل پر بات ہو بہت شیخ کی غنیمت ذات		اتنو ہو شیخ اب ہوئی ہو رات جمع آدم مین اتنے کب ہین صفات
	مفتری و دروغی و محتال	
ایک دن مین کہا جو ہو مضطر ہنس کے بولے بہت تلطف کر		کیسے اس در سے جاوں اب کیدھر سر منڈاتے ہو تم بھی اس گھر پر
	آگے آوینگے جتنے ہونگے بال	
راتون کے تئین مصیبتین گذرین کچھ نہ پوچھو جو حالتین گذرین		اور دنون کو قیامتین گذرین باتون باتون مین مدتین گذرین
	وعدہ دو چار دن نہ ماہ سی حال	
پھر جو اس فرد کا ہوا مذکور جانتا ہو تمھین کہ ہو مشہور		کہنے لاگے کہ نائب دستور پر کہے ہو رکھو مجھے معذور
	جاری کرنا ہو اسکا امر محال	
آٹھ آتے ہین شاہ پر بھاری آپ ہو تو یہ ہو گرفتاری		اسکی لوگون نے کی ہو اب خواری فوج ہیگی تو قحط کی ماری
	کیون نہ جیسا ہے ہین وان تھا کال	

۴۹۹

یان نہین شہ کے گھر مین دانا بھی ۔ کبھو ہوتا ہی پینا کھانا بھی

ورنہ بھوکھے رہے ہین بیٹھے نڈھال

حال یہ ہی جو اسپہ ہو منظور ۔ پھر بھی نواب سے کرون مذکور

گاہ باشد کہ ہو انہین مقدور ۔ پر سماجت ہی اب خرد سے دور

لطف کیا مین کہون وے دیوین ٹال

مین کہا بس بہت خراب ہوا ۔ پردے مین والنے بھی جواب ہوا

دل ہوا داغ جی کباب ہوا ۔ بارے ہونا جو تھا شتاب ہوا

کٹ رہیگا مرا بھی یہ جنجال

دل سے اپنے بھی اب بھلا دیجے ۔ فرد میری مجھے منگا دیجے

اس خیالات کو اڑا دیجے ۔ بند چڑیا کیسے چھڑا دیجے

بس بچھایا بہت فریب کا جال

ہنس کے بولے کہ فرد ہی حاضر ۔ اور سمجھیے نہ مجکو بھی قاصر

جان کا ہون تمھاری مین ناظر ۔ جمع فرماؤ خاطر عاطر

اب نہین پھر یہ کام لونگا سنبھال

تب سے ابتک وہ فرد لاتا ہون ۔ گاہ بیگاہ انکے جاتا ہون

فقر فاقہ کی ہر طرف ہی دھوم
لشکر اک ہی خدا بہ مردم بوم

دو تلنگے جہان ہین وان ہی ہجوم
زندگی کرنے کی طرح معلوم

کہ رہے جون خدا ہی ہے آگاہ

قصہ کو ہم کہان نہ رو گذرا
آبرو رفتہ رفتہ کھو گذرا

کونسی منزل مین نہ ہو گذرا
یان گذرنا تھا ظلم جو گذرا

اسپہ جسکو ہو قصہ بسم اللہ

پارسا ہین جو جوان پیر ہدی کہتی ہین
سالک مسالک راہنما کہتے ہین

جو ولایت لکھے ہین شاہ ولا کہتے ہین
ایک مو لاکھی ہین ایک خدا کہتے ہین

یا علی جو تجھے کہتے ہین بجا کہتے ہین

آفتاب فلک عز و علی تو ہی تھا
جانشینے پیمبر کی سزا تو ہی تھا

چہرہ آرائے زمین و سما تو ہی تھا
قالب خاکی کے پردہ مین خدا تو ہی تھا

یا علی جو تجھے کہتے ہین بجا کہتے ہین

ہو ترے قدر سے بے ختم رسل کون آگاہ
زور سے تیرے اڈرے کو وہ لبسان پرکاہ

جسکا شان تری صل علی تیری جاہ
وہ ثبات اس قلعے و قامت یہ قدرت ہی واہ

یا علی جو تجھے کہتے ہین بجا کہتے ہین

عالم خاکی مین تھا مصلحتاً جلوہ نما	عرش اعظم سے بھی تھی ورنہ [illegible]
یا علی جو تجھے کہتے ہین بجا کہتے ہین	
اے ترا مرتبہ بالاتر فہم و ادراک	ایک رب کے تئین پہونچے ترے جلوے [illegible]
ہین ترے شوق مین سرگشتہ شب و روز افلاک	پر کہان عالم خاک اور کہان عالم پاک
یا علی جو تجھے کہتے ہین بجا کہتے ہین	
اپنے اسرار کا تو آپ ہی کچھ دانا ہی	ورنہ کس نے تجھے جون چاہیے پہچانا ہی
ایک فرقے نے تجھے روح خدا مانا ہی	ایک نے ذات مقدس تجھی کو جانا [illegible]
یا علی جو تجھے کہتے ہین بجا کہتے ہین	
شان و شوکت تری کیا کرسکے عاجز تقریر	یعنی مداح ترا کیونکہ ہو الکن ہی [illegible]
زیب دیتی ہی تجھے کو بیٹھے کل امیر	تین فقرون کے تئین بخش دیے تاج و [illegible]
یا علی جو تجھے کہتے ہین بجا کہتے ہین	
اے مرتفع نشین علی العرش استوا	ذی عز با صفوا اے خدا خویش مصطفی
تو تھا کہ تو نے دوش نبی پر قدم رکھا	بت توڑ توڑ شرک کی صورت [illegible]
لایا بزور عرصے مین یکتائی خدا	
کہتے ہین تجھے چشم کرم صاحب نظر	افضل ہوئی کسبب سے ترے خلقت [illegible]

مسدس در نعت سرور کائنات صلعم

جرم کی ٹھوکر نہ کھائیں یا رسول
کھینچ جون ہون نقصان نہیں یا رسول
اور خاطر کی حزینی یا رسول
تیری رحمت ہی یقینی یا رسول
رحمۃ للعالمینی یا رسول
ہم شفیع المذنبینی یا رسول

لطف تیرا عام ہو کر رحمت
مجرم عاجز ہون کرنٹاک تقویت
ہی کرم سے تیری چشم مکرمت
تو ہی صاحب تجھسے ہی مرسلت
رحمۃ للعالمینی یا رسول
ہم شفیع المذنبینی یا رسول

کیا سیہ کاری نے منھ کالا کیا
رحم کر خاک مذلت سے اٹھا
بات کرنے کا نہیں کچھ منھ رہا
میرے عفو جرم کی تخفیص کیا
رحمۃ للعالمینی یا رسول
ہم شفیع المذنبینی یا رسول

اب ٹھہرتا تک نہیں پائے ثبات
جرم کیا ہین میری کتنی مشکلات
دستگیری کر کہ پاؤن نہیں نجات
ہی کفایت ایک تیری التفات

اسقدر تجھسے نہ لگ چلتے نہ آتے اس راہ
تو پری ہوتا تو کرتی نہ تری ادر نگاہ

یہ فریبندہ سخن گوش نہ کرتے ہرگز
خواہش گنج دہن دل پہ نہ دھرتے ہرگز
یہ شب وصل یون اسطور نہ بھرتے ہرگز
لعل جان بخش پہ یون تیری نہ مرتے ہرگز

اتفاقات سے ہو جاتی ملاقات تو خیر
دل تجرد پہ رکھا جب نہ کوئی یار نہ غیر

عشوہ و ناز و ادا سے کسو کو پھر کیا کام
جی نہ بیچین رہا کرتا نہ دل بے آرام
ہو گیا ہون تو کبھو ہو گیا اب ہمین کلام
بے رخ و زلف کے کس کا ہے سکو ہر صبح و شام

جنس اچھی تری پہ گرمی بازار کہان
سر گران تو تو بہت ہو پہ خریدار کہان

تجھسے بیمہر و وفا دل کا لگانا تھا غلط
آپ کو حرف غلط رنگ مٹانا تھا غلط
خط دے قاصد کو ترے اور جلانا تھا غلط
آتش غم سے مرے جی کا جلانا تھا غلط

اپنی نادانی سمجھیے کہ تو کیا نسخہ ہے
آدمی بھی کسو دانا کا لکھا نسخہ ہے

غم نہین تجکو مری یاری و فاداری کا
نہ خیال آوے بندیکی گرفتاری کا

۵۰۷

ایسی محبوبی و خوبی ہی مذکور ہوا اب
دیکھا تجھ ہوا اسی کا تجھے منظور رہا اب
صرف اسپر بھی کرونگا اپنا جو مقدور ہوا اب
اس کے قد سے تری شام و سحر جاؤنگا
گھر سے جس دم اٹھونگا اسکے ہی گھر جاؤنگا
وہ بھی کس شور و فا تجھسے ملا چاہیے ہے
تختلط لطف و عنایت سے ہوا چاہیے ہے
کوئی دن رات کو تجھ پاس رہا چاہیے ہے

کام دل لون ہون اسی سے جو خدا چاہیے ہے
باد کھا رخ تجھے بتلاؤن تو دم اس مہ کا بھرون
خط تری بندگی کا کا غذ باد اسکا کرون
مین بھی ناچار ہون تا چند جفا مین سہون
قصد رکھتا ہون کہ اس شہر مین ہرگز نہ رہون
یا اوہ ماہ کیسے چاہتا ہون کہ اب مین نہون
تو بیان اور تری حسن سلوک اس سے کہون
لیکن تر اہم مرے دونون ہین ابہم معلوم
ایکی معلوم ہی ہوتی ہے دو دل آدھم معلوم

حسن سے اسکے خبردار کرون گا اسکو
ضد سے مین تیرے بہت پیار کرونگا اسکو

پھر تو جیبا ہین کرونگا اسی پر قربان
بس بگولا سا ہوا تیرے لیے سرگردان

راہ و منزل ہین پھرونگا اسیکے بسست نشان
اسقدر مجکو دماغ اب ہے کہان دل ہے کہان

کہ رہون بیخود و بیخواب شبون کو روتا
کاش مشتاق ترے منھ کا نہ اتنا ہوتا

اب تو جو کچھ ہو دل اُس ساتھ لگا بیٹھونگا
ہاتھ وا سوختہ ہو تجسے لگا بیٹھونگا

اسکے دروازے پہ درویش ہو جا بیٹھونگا
آؤنگا بھی تو ترے پاس نہ آ بیٹھونگا

دور سے ایک نظر کرکے چلا جاؤنگا
سو بھی کتنے دنون پھر کا ہیکو مین آؤنگا

لاگ ہی جبس سے وہی اُسسے رکھو قیل و قال
ساری مجلس کے تئین اُسکے کرون واقف حال

دلنشین اُسکی کرون خوب طرح کہنہ مقال
بعد ازان ترک کرون کھاکے قسم تیرا خیال

پھر کبھو وہم مین بھی گذرے نہ ملنا تیرا
جب نہ تب در پہ اسیکی رہے ماتھا میرا

لگ چلون اُس سے صبا کی سی طرح شام و سحر
روے گلرنگ سے اسکے نہ اُٹھے میری نظر

اُسکے پاؤن تلے کی خاک کرون کحل بصر
چیکے اسکے لب شیرین ہی رہین دیدہ تر

دربھی حال کی اس کیسوے برہم سے رہی

چوٹ مجکو بھی تو غیرون کی ملاقات کی ہی
چھوڑے یہ تو تو پھر آزردگی کی بات کی ہی

جی نہ تڑپے گا مرا پھر نہ مری چھاتی جلے
شکوہ ناکی سے زبان منہہ مین زنہار ہلے
دل نہ سینے مین مرے شام و سحر کوئی ملے
آئی چلنے کہین ہر بولے لگ میرے گلے

زور سے بازو پہ اپنے ترے سر کو رکھا
دست گستاخ پہ سے تیری کمر کو رکھا

بس ہوس کیشون سے مل مل کے تو بدنام ہوا
ہمسر گیسو ہنکے تو ترکیب اجسام ہوا
بسکہ راتون کو رہا شہرہ ایام ہوا
شوخ و شلتاق دبد ضع ہی آشام ہوا

طور پر میر معیشت کوئی دن اچھے ہی
ایسے بدکار سے صحبت کوئی دن اچھے ہی

آیا گر غیر کے ملنے کی قسم کھاتا ہی
ذوق ویسا ہی اسکا تو اُسے بھاتا ہی
میر بھی حرف درشتانہ سے شرماتا ہی
دلکو دار سوز سے مُنھ پر سخن لاتا ہی

ورنہ مشتاق ہی سوجی سے جگر خستہ ہوا
کشتہ و مردہ ترا رفتہ و دل بستہ ہوا

مسدس

تا کہ وان نالہ و فریاد کیا کرتے ہم
اک طرف بیٹھ تجھے یاد کیا کرتے ہم

کب تلک ہاتھ سے خوبان جفا کار دین
تم کہو کب تئین یہ داد وفاداری دین
اس وفادار کے بدلے یہین خواری دین
عشق بے جرم جو کچھ ہو تو گنہگاری دین

قصد فریاد ہی گر یار تلک انصاف کرین
پردے کو سنگ کدورت سے یہین صاف کرین

مست ہر س خاک پے عشاق کہ ہم کیا کم تھے
موج سیلاب یہ آنسو کے گئے عالم تھے
حرف دیر ذرہ ہی پہ دیدے ہمارے نم تھے
یعنے اے ابر کسی عہد مین ہم ہی ہم تھے

عزم گر دینگا آبادی سے گر اٹھتے تھے
بیٹھ کر دشت مین طوفان ہی کر اٹھتے تھے

کون تھا یان کہ مجھے دیکھ ندامت رکھے
میر صد سال خدا تجکو سلامت رکھے
یا مرے سر پہ نصیحت سے قیامت رکھے
تو نہووے نہ مجھے کر کے ملامت رکھے

ورنہ ابتک تو مری خاک کبھی ہو جاتی ہوا
لگئی ہوتی تبرک کیطرح باد صبا

مسدس

تنک پوشی سے نہ محفوظ تمھین پاتے تھے
سکی چوبی کبھو در پر نہ تم آتے تھے
تنگ جامے جو سے جاتے تو گھبراتے تھے
لپٹے دامن سے اُلٹ گھر ہی مین پھر جاتے تھے

یا تو اب کہنی پٹی مونڈھے چسے رہتے ہین
باہر اندر ہو کہین بند کسے رہتے ہین

شوق زینت سے نہ تھا ربط نہ رعنائی سے
تو سو بار کمر بندھتی ہوا کلائی سے
دل نہ آشنا تھا لگا خوب بے مزائی سے
دیکھتے رہتے ہو ترکیب ہی خود رائی سے

روسیہ آئینہ سے تمکو فراغت ہی نہین
سرمہ تیرہ درون سے کہین فرصت ہی نہین

شانہ اب ہاتھ مین لعت بنا کرتی ہی
اس سرمے کی سلائی بھی ہاتی ہی
مستی دانتو نمین کسی بار لگا کرتی ہی
آنکھ رعنائی پہ اپنی ہی پڑا کرتی ہی

جان آنکھو نمین کسی کی ہو نظر تمکو نہین
غش کرے کوئی ستم دیدہ خبر تمکو نہین

ب گلی کو چو نمین پھرتے تھے لیے تم تلوا
ہاتھ خونخوار نہ پھرتے تھے نہ تم خونخوا
پر تلا کا ہیکو رہتا تھا گلے کا یون ہا
دم مین لاحق کسے یون جان نہ رکھتے تھے مار

مایۂ فتنہ و پرخاش ہوا اب لو

مسدس

چھیڑی گالی دے اشارت کرے چشمک مارے
عشوہ و غمزہ و انداز بھلا دے سارے

زندگانی ہو مجھے ہاتھ سے اسکے دشوار
بیونخین ہر آن ہین بسے مجھے سو آزار
کوئی دن تو بھی پھرے جان پہ بیزار
طنز و تعریض کنائی کی رہی اک بوچھار

جا کے ٹک سامنے اسکے تو بہت تر آوے
عرق شرم مین ڈوبا ہوا سب گھر آوے

دل واسوختہ کو اپنے لیے جاتے ہین
اپنی جا غیرون کو ناچار دیے جاتے ہین
غصے سے خون جگر اپنا پیے جاتے ہین
ایکبار یون جاتے نہین عہد کیے جاتے ہین

آویگا تو بھی منانے کو نہ آوینگے ہم
جان سے جا دینگے پیان سے نجا دینگے ہم

بازگشت اب کسو طرح نہین ہی منظور
جانا ٹھانا تو پھر آنے کا یہان کیا مذکور
گو کہ درپیش ہمین آوے رہ دور و دراز
جی سے اپنے بھی گذر جائی پہ تا مقدور

منھ ادھر کریے نہ جس جا سے بنے اٹھ جانا
قدر کھو دیوے ہی ہر بار کا آنا جانا

میرا اعراض بھی لوگون نے کیا ہی آگے
در لگے داسوز سے تو ہو بھی پیا ہی آگے

خوبی رعنائی ہی تجکو بہت فرصت ہی
اپنی ترکیب بنانے سے کہان مہلت ہی
چہرہ آرائی شب روز ہی یہ صورت ہی
شانہ و زلف گتھی رہتی ہین یہ صورت ہی

سرمے سے آنکھ اٹھاوے تو مرارو دیکھے
آرسی چھوڑے تجھے ٹک تو ادھر تو دیکھے

محو کس روز تجھے پاتے تھے رعنائی کا
ذوق رہتا تھا تجھے کا ہیکو خود رائی کا
کب کب انجیل رہے تھا ہاتھ مین کلائی کا
اتنا دل البستہ نہ تھا جامہ زیبائی کا

سرخ سنجاف نہ لگتی تھی نہ ہوتے تھے چاک
خون سے عشق کے ماروںکے یہ دامن تھا پاک

ایسے اوباشونکی تقلید مین کب تھی ہات وہ
تنگ چولی کی نہ رہتا تھا کبھی اتنا گرد
پاٹ دامن کے نہوتے تھے ترے ساتھ کے سو
اتنو ہی پھر تو ڈھیلے ہو کمر اک بھی جو

درزی کا ہی بنا ہی گرے ٹھیک نہ جبتک سی لے
کاڑھی نا کے مین سوئی کے کرے ٹانکے ڈھیلے

خط بھی آیا پہ مری تیری صفائی نہوئی
کس گھڑی آنکے بیٹھے کہ لڑائی نہوئی
اپنی سج دیکھنے سے تجکو رہائی نہوئی
اک بلا جی کی ہوئی تنگ قبائی نہوئی

رک گئے دیکھتے دس جا سے ترے مونڈھے چھپے

۵۱۳

جی نہ نکلا اگر اسمین تو کڑھا کریگا
مرثیہ اپنا کہین بیٹھے کہا کریگا

مسدس

جاتی ہے شب تارو گنتی ونکو بھرتا ہون حبُاب
داغ تڑپتا ہی جدا جی کو جدا ہی اضطراب
کبتلک اس خاک دانمین جھون بگولا پیچ و تاب
ہر گھڑی تازہ تعب ہر دم نیا ہی اک عذاب

یا علی یا ایلیا یا بوالحسن یا بوتراب
حل مشکل سرور دین شافع یوم الحساب

اب گرا جاتا ہون جشم خلق سے لے تا سنبھال
مرحمت کر یکرمت کر رنج سے مجکو نکال
دیکھ مت اس سے زیادہ خوار زار و خستہ حال
کبتلک محزون رہونمین تا کجا کھینچون ملال

یا علی یا ایلیا یا بوالحسن یا بوتراب
حل مشکل سرور دین شافع یوم الحساب

کیا لکھے اعجاز تیرے خامۂ جادو شعار
وقت جب آتا ہی تنگ ای قدرت پروردگار
توہی ہی ایک لیکن نام تیرے ہین ہزار
نام لے کر تیرے کہتا ہی ہر اک یون پکار

یا علی یا ایلیا یا بوالحسن یا بوتراب
حل مشکل سرور دین شافع یوم الحساب

حاجت اہل جہان داسبہ ...
سہل ہین یان مشکلین آسان ہین یان ...
عارف دعا کی سمجھو تھا ہی و ظیفہ تیرا نام
زیر لب ہر اک رہتا ہی ہر صبح شام

یا علی یا ایلیا یا بوالحسن یا بوتراب
دل مشکل سرور دین شافع یوم الحساب

تنگ ہی ... ہر دم رکا جاتا ہی آہ
باسنے جاتا بھی نہین آتا ہی مین او غفر آہ
آسمان مین تیرے دکھلائی نہین دیتا نگاہ

یا علی یا ایلیا یا بوالحسن یا بوتراب
حل مشکل سرور دین شافع یوم الحساب

۵۱۴

یا علی یا ایلیا یا بوالحسن یا بوتراب حل مشکل سرور دین شافع یوم الحساب	

غالبًا ہو پنچے ہم اب میر کو بھی برگ و ساز شام کہتا ہی یہی رکھہ خاک پہ روے نیاز	آبلہ یک بن گیا ہی جاۂ تن ہو کر گداز صبح پڑھتا ہی یہی جائے دعا بعد از نماز

یا علی یا ایلیا یا ابوالحسن یا بوتراب حل مشکل سرور دین شافع یوم الحساب	

مسدس در منقبت

درویش جو ہیں قصر دلخواہ کہیں ہیں اک واقف اسرار دل آگاہ کہیں ہیں	سالک جو ہیں وے راہبر راہ کہیں ہیں ایک چرخ حقیقت کا تجھے ماہ کہیں ہیں

کیا صحیح ہی یہ تجھے ہم شاہ کہیں ہیں سچے ہیں وہی لوگ جو اللہ کہیں ہیں	

مذکور کہیں نام ترا کام روا ہی ہر ایک نے کچھ حسب خرد اپنی کہا ہی	مشہور لقب ایک جگہ راہنما ہی سمجھا نہ کوئی یہ کہ حقیقت میں تو کیا ہی

کیا صحیح ہی یہ جو تجھے ہم شاہ کہیں ہیں سچے ہیں وہی لوگ جو اللہ کہیں ہیں	

کیا صحیح ہی یہ جو تجھے ہم شاہ کہیں ہیں
سچے ہیں وہی لوگ جو اللہ کہیں ہیں

[illegible]

۵۱۵

[illegible]

کیا صحیح ہی یہ جو تجھے ہم شاہ کہیں ہیں
سچے ہیں وہی لوگ جو اللہ کہیں ہیں

[illegible]

کیا صحیح ہی یہ جو تجھے ہم شاہ کہیں ہیں
سچے ہیں وہی لوگ جو اللہ کہیں ہیں

یعقوب

مناجات

بسم الله الرحمن الرحیم

سچے ہین وہی لوگ جو الله کہین ہین

کیا مدح ہو یہ جو تجھے ہم شاہ کہین ہین

یعقوب کا تھا کلبۂ احزان مین تو غمخوار رحمت کا فرشتہ ہو ترے لطف نے ہر بار	یوسف کا مالک بنے کے ہوا چہ مین مددگار کی آتش نمرود ابراہیم پہ گلزار
کیا مدح ہو یہ جو تجھے ہم شاہ کہین ہین سچے ہین وہی لوگ جو الله کہین ہین	
اُٹھا ہو وہ انگشت سے دروازۂ خیبر کیا ہاتھ سے کر گیا جان سے عنتر	چیرا ہو کس انداز سے گہوارہ مین اژدر ظاہر ہو کہ یان تھا وہی ظاہر وہی مظہر
کیا مدح ہو یہ جو تجھے ہم شاہ کہین ہین سچے ہین وہی لوگ جو الله کہین ہین	
ثانی ترا پاتے نہین تسلیم و رضا مین مشہور سخاوت ہو تری شاہ و گدا مین	ایوب سے ہو صبر ترا سا نہ بلا مین تین خود کے تئین بخش دیا راہ خدا مین
کیا مدح ہو یہ جو تجھے ہم شاہ کہین ہین سچے ہین وہی لوگ جو الله کہین ہین	
اے وہ کہ تو ہو جان و جہان سارا ہے تو غالب اک پل مین جو اگر دے تو ان سب کے مطالب	در پر ترے اکٹھے ہون تری سیکڑون طالب ہم عاجز و عاجز ہین تو ہی غالب و غالب
کیا مدح ہو یہ جو تجھے ہم شاہ کہین ہین	

ہر کسے چیزے بیادت در گلستاں میکشد

آئی تھی ملاقات کی راہ اسکے ولے سود ‌ ‌ ‌ ‌ تا چشم کنم باز شب وصل سحر سود

عمر گذاران بر سر انصاف نیامد

جہان سے آئی کہ جاتا ہی تجکو مجسے سن ‌ ‌ ‌ ‌ یکے بگو رغریبان شہر سیری کن

بہ بین کہ نقش بلا ہا چہ باطل افتادہ است

اگرچہ آب دم آخر ہی لیکن ای غمخوار ‌ ‌ ‌ ‌ بہجر زندہ ام آئینہ پیش من مگذار

جدا از یار خود روبرو شدن ستم است

ہی بھی جو کوئی یاں سو نہیں کہ ہی وہ مانند ‌ ‌ ‌ ‌ نیک و بد عالم ہمہ عنقا صفت مانند

یعنے خبر از ہر کہ گرفتم خبرے بود

تمام شد مثلث میر

پیشوای پیشوایان سجدہ گاہ مومنان
زینت بطحا و یثرب رونق اسلام و دین
مظہر صد عجائب مصدر لطف و کرم
زیب منبر جانشین رحمت للعالمین
مقصد دل آشنایان مدعای عاشقان
آرزوی اہل عرفان مطلب اہل یقین
وارث دین داور عادل شفیع روز حشر
حافظ عرش برین قاضی شرع متین
مالک ملک ولایت حاکم عالم پسند
بادشاہ صاحب استقلال امیر المومنین

بند دوم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ہفت بند

السّلام ای رازدار داور جان آفرین
ذات تیری جون خدا کی ذات ہی والاصفات
یہ شرافت یہ سیادت یہ تقدس یہ کمال
تو ولی ہی تو وصی ہی تو علی ہی تو وہی
کیا تعقل کیا تحمل کیا تبختر کیا وقار
سیّد برحق شریف النفس فخر روزگار

السّلام ای لامکان کے حاکم مسند نشین
بے شریک بے عدیل و بے نظیر و بے قرین
یہ تنزہ یہ تعلی یہ تفوق ہی کہین
جس سے بالاتر تصور کیجیے تو کچھ نہین
طفل مکتب درس گہ کا تیرے عقل اولین
باعث عز سپہر و موجب فخر زمین

یا ربی برگے گران ہی اور ہین ہون ناتوان
بے نسیم فیض تیری اس چمن مین ہین کہان

بند سوم

اے شہ خوبی نسب والا حسب عالی تبار
جملہ تن عزت سراپا وقر دیکھیے اعتبار

اللہ اللہ بازو قدر و قدرت دیدنی
دیکھنے کی جا حشمت سیر قابل اقتدار

قدس کے باشندگان کا ناز تیرے ذات پر
نوع النسان کا تمامی تیرے اوپر افتخار

قلع خیبر مرگ اثر در کھینچنا خورشید کا
ہین فسانے روز کے تیرے جہان مین یادگار

جھک گئے گردنکشون کے سر جہان مین نے کہا
لا فتی الا علی لا سیف الا ذو الفقار

تو کیے جاروب ہتی میدان کین کی تیری تیغ
جسکے نکلے نے خس و خاشاک نے گرد و غبار

تو نے چھیڑا ہی اگر مرکب کو اپنے کیگہان
تو ہوا ہی اُس وش اس بادپیما کا گذار

جون کوئی بجلی چمک جاتی ہی گاہی پیش چشم
پھر کھلے پر آنکھ کے رہ جاتے ہین حیران کار

گوشہ محراب مین ہاتھ نکلے تیغ نے سی کام
روز میدان سایۂ شمشیر مین ہنا شعار

کیا چھپے ہی کچھ یہ شخصیت جو مین ظاہر کرون
پر ترے اوصاف سے ہین قریۂ شہر و دیار

ہو گہر بخشی سے تیری ابر نیسان یکطرف
ہی کف ہمت کے آگے تیرے دریا یک کنار

مہربان ہو یک نظر اس چشم نم کی اور دیکھ
دیکھ مت میری طرف اپنے کرم کی اور دیکھ

٥١٩

مطلع ثانی

تو زبر داری کرے سلک کبھی تو قیمت ہو دو چند	یعنی ہو رے جلیس کا سد پس قبول خاص و عام

سو خدا نا کردہ ہیچ سے نہین کرتا حقیر
آرزو ہوتی نہین ہی عیب ای ایمان میر

قصیدہ در مدح نواب آصف الدولہ بہادر

ہوا کیے ہین زبس شکوۂ فلک تحریر — سیہ ہی کاغذ مشقی کے رنگ لوح ضمیر

کرون نہ شکر جفا ہاے آسمان کیونکر — مرے خرابی مین ان نے نہ کی کبھو تقصیر

دیا ہزارون کو دست ان نے خانہ سازی کا — دل شکستہ کو میرے کیا نہ یک تعمیر

جو مین نے چاہا کہ جلد اپنا کام کیجے تمام — تو روسیاہ نے اُس کام مین کبھی کی تاخیر

کیا تھا چشم طمع کو مین اک سحر اسیر — سو جام خون دیا ان نے جاے کاسۂ سیر

دماغ رفتہ شگفتن سے آشنا نہ ہوا — کہ اس چمن مین رکھا ان نے غنچہ ساں دلگیر

در قبول سے نا امید پہونچی میری دعا — پھر آیا عرش سے نالے کو میرے بے تاثیر

نہ دیکھا صفحہ عالم کو مین کہ ان نے رکھا — ہمیشہ اپنا ہی حیران کار جون تصویر

برائے یک لب نان مجھ ضعیف کو ان نے — ہلال وار کیا سارے شہر مین تشہیر

فلک کے شکوہ مین تھا مین کہ ہمنشین بولا — کہ اے جوان ستم کشتۂ سپہر پیر

غزل نہ لطف کی اک تو نے میر صاحب کے — سنی نہ ہم نے کوئی آشیانہ سوز صفیر

۵۲۱

مطلع سوم

فلک شکوہ ستارہ حشم خدیو جہان
ترے جلال کو کس لفظوں مین کرون تعبیر

زہے یہ حشمت و جاہ و جلال قدرت و زور
کہ تیرے حکم کے آگے ہی سہل امر خطیر

ترے محرر دفتر کا ہی سدا محتاج
جہان مین شہرہ عطارد جو ہی فلک کا دبیر

زہے علو مراتب کہ در پہ باز بناے
ہزار بار اگر چرخ مارے چرخ اثیر

شریک مشورہ کارخانۂ عالم
کیا ہی تجھکو قضا و قدر نے مین تیرے مشیر

روان ہو صبح کا گر مرکب صفر پیکر
تو نا بشام کرے رو دم و شام تک تسخیر

کف سخا کی تری ریزش کرم کے حضور
گیا ہی قطرہ زنان شرم گین ہوا ابر مطیر

ہم کو تیری بیان کیا کرون کہ اگر مدح
ہوئے ہین خلق تری بخشی کو تاج و سریر

کرون مین عرض سو کیا ہفت گنج خسرو کو
کہ تیرے بخش دیے کے نہین ہین عشر و عشیر

لکھون سو کیا تری خدام کی سخاوت کو
بنا و ۔ سے وقت دہش تیرے قلیل و کثیر

ثبات حرف کو تیرے قلم کی کیا لکھیے
کھے تو خامۂ فولاد سے کیا تحریر

برات روزی کسو کی شرف کو دستخط کی
ہو بخشی ہی تو نہین مٹتی جون خط تقدیر

نہین ہی شہر مین نام و نشان منہیات
رہی ہی نے کو کوئی جنگل مین سو رائے حصیر

مزاج رفع پہ بدعت کی ہو تو نہ اٹھی
صدا ے نے کا تو کیا ذکر ہی قلم کی صریر

نسق کو کام تو فرماوے ایک آن اگر
تو پھر زمانہ قیامت تلک نہ پاوے تغیر

قطعہ

قطعہ در تعریف اسپ وزیر زمان آصف دوران نواب آصف الدولہ بہادر

وزیر زمان نے لیا ایک اسپ	کہ ہے رشک گلگون باد بہار
نظر پوست سے اسکے آتا ہے خون	کیا جلد پر اسکے گل کو نثار
ذاکر اسے بار ہا سیر کی	نہ نکلا کبھو ابلق روزگار
کرون اسکی کیا تیزگاہی کی شرح	ہرن اسپ شمشیر سے ہو شکار
ک اک تسمسا دے جو راکب تو پھر	نہیں اسکو راتون بھی ہرگز قرار
ہمان باگ اچک جاے محبوب کی	عنان دل اسکی ہے پھر اختیار
کرے عزم ابد کا ازل سے اگر	وہ جانباز جو اسپ ہو وے سوار
ے اسکو کر چھیڑ لیکہ کہان	تو یہ باد پیمان کرے یون گذار
لیکے قدم گرد جو اٹھ چلے	نہ پھرنے تک اسکے وہ بیٹھے غبار

غرض اسپ ہے یا چھلاوا ہے میر
رہین زیر ران اسکے ایسے ہزار

قطعہ در تہنیت صحت

قطعہ

ختم ہوئے یان یہ مضامین چسپت
دیکھے ہین اُستادونکے دیوان بہت
سب سے نرالی ہی یہ شیرین زبان
نسخہ ہی یہ جانسے زیادہ عزیز

میر کی تصنیف ہی نادر کلام
بر یہ ہی مقبول خواص و عوام
کرتی ہی بس قند و شکر کا یہ کام
پیش نظر رکھتے ہین سب صبح و شام

حق سے دعا ہی یہی اسکے لیے
ہووے یہ مقبول خواطر مدام

تمام شد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

آغاز مثنوی مسمےٰ بشعلۂ شوق

محبت نے ظلمت سے کاڑھا ہی نور — نہوتی محبّت نہوتا ظہور
محبّت مسبب محبت سبب — محبّت سے آتے ہین کار عجب
محبّت بن اس جا نہ آیا کوئی — محبّت سے خالی نہ پایا کوئی
محبّت ہی اس کارخانے مین ہی — محبّت ہے سب کچھ زمانے مین ہی
محبّت سے گویا ہوا ہی فراغ — محبّت نے کیا کیا دکھائے ہین داغ
محبّت اگر کارپرداز ہو — دلون کے تئین سوز سے ساز ہو

ستم اس بلا کی ہی سہتے گئے
سب اُس کو عشق کہتے گئے

اس آتش سے گرمی ہو خورشید مین
یہی ذرے کی جان نومید مین

اسی سے دل ماہ ہو داغدار
کتان جگر ہو سراسر فگار

نہ اِسکے چرچے حکایت سُنی
گہے شکر گاہے شکایت سُنی

اسی سے قیامت ہی ہر جا راور
اسی فتنہ گر کا ہو عالم مین شور

کوئی شہر ایسا ندیکھا کہ وان
نہوا اُس سے آشوب محشر عیان

کب اس عشق نے تازہ کاری نکی
کہان خون سے غازہ کاری نکی

زمانے مین ایسا نہین تازہ کارہ
غرض ہو یہ اعجوبۂ روزگار

آغاز قصہ

عجب کام سُنیے مین اس سے ہوا
عجب اہل عالم کو جس سے ہوا

کہ وان اک جوان تھا بہرام نام
خوش اندام و خوش قامت و خوش خرام

جوانی کے گلشن کا وہ آب و رنگ
گلستان پہ کام اُسکی خوبی سے تنگ

جدھر نکلے رنگین ادائی کے ساتھ
چلے جائین جی خوش نمائی کے ساتھ

کھلے بال چلتا تھا وہ سرو ناز
قدمبوس کو آتی عمر دراز

جدھر کو وہ ٹک گرم رفتار ہو
قیامت اُدھر سے نمودار ہو

کوئی دل ستم کشتۂ اک نگاہ
کوئی جان ہونٹھون پہ موقوف آہ

کسو پر فسون گردش چشم کا
کسو پر غضب غمزۂ وخشم کا

کوئی دست بردل کوئی بیقرار
کوئی بیخبر کوئی بے اختیار

انھون مین سے اک عاشق زار تھا
اُس آفت کو اُس سے سروکار تھا

محبت مین تھا جذب کامل اُسے
مراد دل اپنی تھی حاصل اُسے

شب و روز ہم بستر کام دل
ہمیشہ ہم آغوش آرام دل

دم اسکے مین یہان تک تو تاثیر تھی
کہ صحبت اس آتش در گیر تھی

بہم ربط چسپان بہم اختلاط
نہ کم ہوتی گرمی نہ کم اختلاط

مرے کوئی غم سے کوئی ہو ہلاک
وہ شعلہ اُسے خس سے رکھتا تپاک

کہان حسن مین تھا وفا کا یہ پاس
یہ سینے کہ ہیگا خلاف قیاس

بہت سے بہت اُسکا مالوف تھا
اُسی کی تسلی سے مصروف تھا

کہ ناگہ وہ دلبر ہوا کد خدا
رہا اپنے عاشق سے چندے جدا

زن و شو مین اخلاص باہم ہوا
اُس آشفتہ سے رابطہ کم ہوا

نگاہین بہم دلمین کاوش کرین
سخن سے وفا مین تراوش کرین

ہوا ربط چسپان بہم اسقدر
کہ دشوار اُٹھے ہمدگر یک نظر

یہ سنکر کہا اُس دل افگار نے — ستم کشتۂ دوری یار نے

کہ مجھکو نہین تیری باتین قبول — یہ مکر زنان ہی تو اینزہ مجہول

وفا کتنے ان ناقصون مین سے کی — ہوا شوے کسکا کہ وہ پھر نہ جی

یہ ظاہر مین ہر چند ہون رشک ماہ — ولیکن ہین باطن مین مار سیاہ

خدا مکر سے انکے وے ہی خبر — نہین اُنسے کوئی فریبندہ تر

جہان مین فریب انکا مشہور ہی — زبانون پہ مکر انکا مذکور ہی

لیے امتحان عاقبت یک نفر — مقرر ہوا تا کہ جا اُسکے گھر

گہے غرق دریا ہوا بر سرام — ہوئی زندگانیکی صبح اسکی شام

گیا تھا نہانے کو وقت سحر — سو ڈوبا وہ خورشید روشن گہر

کیا موج دریا نے سر سے گذار — اُٹھا طبع نازک سے اسکے غبار

وہ گیسو جو بکھرے تھے بالائے آب — سو اب موج دریا کو ہی پیچ و تاب

پھرین تھین جو مے انکھڑیان آب مین — سو وے گردشین اب ہین گرداب مین

تمنا مین تھے جسکے سب دل فگار — سو دریا کو اب ہی وہ بوس و کنار

نہ سمجھا وہ نافہم اسرار عشق — نہ سوچا وہ ناتجربہ کار عشق

کہا غرق دریا ہوا بر سرام — ہوا کام اُس رشک مہ کا تمام

تھا بیخود و بےخرد بےحواس
گرا آکے اس پیکر مردہ پاس

لگا کہنے اے مایۂ زندگی
مجھے منھ سے تیرے ہی شرمندگی

کیا جلد رخت سفر تونے بار
نہ میرا کیا آہ ٹک انتظار

نہ میری سنی کچھ نہ اپنی کہی
مرے تیرے دونون کے جی مین رہی

زمین پر سے آخر اُٹھایا اُسے
لب آب جاکر جلایا اُسے

جب آگ اُسکے پیکر پہ سب چھا گئی
محبّت عجب داغ دکھلا گئی

وہ سرگرم فریاد و زاری ہوا
لہو اُسکی آنکھونسے جاری ہوا

جگر غم مین یک لخت خون ہوگیا
رکا دل کہ آخر جنون ہوگیا

گئے ہوش و صبر اسکے ایکبارگی
طبیعت مین آئی اک آوارگی

سراسیمگی سے بگولا ہوا
پھرے اسطرح جیسے بھولا ہوا

نہ جی کو تسلی نہ دل کو قرار
کف غم مین سررشتہ اختیار

کبھو یاد کر اُسکو نالان رہے
کبھو ٹک جو بھولے تو حیران رہے

کبھو یان کبھو وان بحال خراب
وہی بیقراری وہی اضطراب

رہے گھر تو آشوبگہ وہ گلی
چمن مین جو لیجائین تو بیکلی

کبھو متصل ہونٹھ پر آہ سرد
کبھو دست بر دل کہ دلمین ہے درد

گیا وہ یہ کہکر سوے آسمان ۔ رہے ہو مجھے رات دن خوف جان

سنا حال شعلہ کا صیاد سے ۔ وہان ایک اٹھا جان ناشاد سے

ہوا شعلۂ شوق دل سے بلند ۔ رہا لوٹتا آگ مین جون سپند

گئی رات جون تون ہوئی صبح جب ۔ زیادہ ہوئی عشق کی تاب تب

محبت نے کی اشتعالک کر وہ ۔ سراسیمہ آیا چلا اس جگہ

جہان سے اٹھی تھی یہ آتش سلگ ۔ پھر اُسکے جگر کو لگی گھر کو لگ

تبسم کنان وان یہ اُن نے کہا ۔ کہ کلفت مین غم کی بہت مین رہا

چلو سیل گشتی کو ہنگام شب ۔ لب آب خالی کرین دلکو سب

ہوا سو ہوا یو نہین تقدیر تھی ۔ جہان سوز اُلفت کی تاثیر تھی

نہوتے جو دلگیر یان متصل ۔ نہوتی یہ آتش کبھو مشتعل

کیان عقل کی اُن نے باتین جو وان ۔ وہ عاشق جو تھا درپئے امتحان

لگا کہنے یہ آرزو تھی مجھے ۔ کہ اک روز ہشیار دیکھون تجھے

سو یہ دن خدا نے دکھایا مجھے ۔ سخن تیرے منہ کا سنایا مجھے

ندامت سے ہو تنگ شاہد ہین سب ۔ گرفتار ہون مین بحال عجب

نہ خجلت سے رہ ہو جو کچھ مین کہون ۔ نہ قدرت اجل پر کہ مر بھی رہون

ہو کر فروغ اک سوے آسمان — تڑپنے لگا جیسے آتش بجان

ی دم مین دریا پہ آیا فرود — ہوا نیزہ بالا بھون کا نمود

لب آب وہ شعلۂ جان گداز — تڑپ کر بہت بازبان دراز

پکارا کہان ہی پرسرام تو — محبت کا ٹک دیکھ انجام تو

کر مین جملہ تن آتش تیز ہون — دل گرم سے شعلہ انگیز ہون

بھڑکتی ہی جب آگ دل کی مری — لب آب اتر دن ہون غم مین ترے

سوزش دل ہو کم آب سے — بجھے جی مرا اس تپ و تاب سے

سو یہ آب رکھتا ہی روغن کا کام — کیا عشق نے آہ دشمن کا کام

بیتاب سنکر ہوا بیقرار — سفینے سے اترا بصد اضطرار

ہوا ہمدم اس آتش انگیز سے — کہا اس بلاے دل آویز سے

کہ مین ہون ہی پرسرام خانہ خراب — مرا دل بھی اس آگ سے ہی کباب

رے بھی جگر مین یہی سوز ہی — یہی مجکو جلنا شب و روز ہی

محبت تری برق خرمن ہوئی — تری دشمنی جی کی دشمن ہوئی

سخن مختصر کچھ وہ شعلہ جلا — کچھ اک اپنی جا گر سے یہ دل جلا

ہم گرمجوشی سے یک جا ہوئے — کہ گذری تھی مدت بھی تنہا ہوئے

خصوصاً وہ عاشق ہوا پُر خجل	ندامت ہوئی یہ جسے متصل
نہ تھا اگلی خجلت ہی سے روے حرف	ہوا دوسرا ماجراے شگرف
تفکر کے دریا مین ڈوبا ہوا	کنارے پہ بیٹھا تھا روتا ہوا
کہ پوچھینگے جو اسکے واماندگان	تو یہ واقعہ کیا کرونگا بیان
کہون کیونکہ یکبار وہ جل گیا	کفِ خاک ہو خاک مین ملگیا
کھنچی جرم کو بیگنا ہی مری	ہوئی شہر مین روسیاہی مری
وہ شعلہ جلاتا مجھے کاشکے	لیے ساتھ جاتا مجھے کاشکے

مقولہ شاعر

اگر ہی یہ قصہ بھی حیرت فزا	ولے میر یہ عشق ہی بد بلا
بہت جی جلائے ہین اس عشق نے	بہت گھر لٹائے ہین اس عشق نے
فسانون سے اسکے لبالب ہی دہر	جلائے ہین اس تند آتش نے شہر

محبت نہو کاش مخلوق کو
بچھوڑے یہ عاشق نہ معشوق کو

تمام شد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مثنوی دریائے عشق

عشق ہو تازہ کار تازہ خیال
ہر جگہ اُسکی اک نئی ہی چال

دل میں جا کر کہیں تو درد ہوا
کہیں سینے میں آہ سرد ہوا

کہیں آنکھوں سے خون ہو کے بہا
کہیں سر میں جنون ہو کے رہا

کہیں رونا ہوا ندامت کا
کہیں ہنسنا ہوا جراحت کا

گہ نمک اسکو داغ کا پایا
گہ پتنگا چراغ کا پایا

واں طپیدن ہوا جگر کے بیچ
یاں تبسم ہی زخم تر کے بیچ

آرزو تھا امید وارون کی | دردمندی جگر فگارون کی
نمک زخم سینہ ریشان ہی | نگہ یار بھر کیشان ہی
حسرت آلودہ آہ تھا یہ کہین | شوق کی یک نگاہ تھا کہین
کشش اسکی ہی ایک اعجوبہ | ڈوبا عاشق تو یار بھی ڈوبا
کون محروم وصل یان سے گیا | کہ نہ یار اُسکا پھر جہان سے گیا
کام مین اپنے عشق پکا ہو | ہان یہ نیرنگ ساز پکا ہو
جسکو ہو اسکی التفات نصیب | ہو وہ مہمان چندروزہ غریب
ایسی تقریب ڈھونڈھ لاتا ہی | کروہ ناچار جی سے جاتا ہی

آغاز قصۂ جانگداز

ایک جا اک جوان رعنا تھا | لالہ رخسار سرو بالا تھا
عشق رکھتا تھا اسکی چھاتی گرم | دل وہ رکھتا تھا موم سے بھی نرم
شوق تھا اسکو صورت خوش سے | انس رکھتا تھا وضع دلکش سے
تھا طرحدار آپ بھی لیکن | رہ نہ سکتا تھا اچھی صورت بن
